سوراب (یو این اے) سوراب میں گیس کی فراہمی کا بحران 20 روز گزرنے کے باوجود حل نہ ہوسکا، ایل پی جی پلانٹ کے لیے مطلوبہ گیس کی سپلائی بحال نہ ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ گیس کی مسلسل عدم دستیابی نے نہ صرف گھریلو صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے بلکہ روزمرہ زندگی کے معمولات بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ سوراب میں گزشتہ 20 روز سے گیس کی فراہمی کا مسئلہ برقرار ہے، تاہم اس کے باوجود تاحال کوئی اور مستقل حل سامنے نہیں آسکا۔ ایل پی جی پلانٹ کو مطلوبہ سپلائی نہ ملنے کے باعث شہریوں کو گیس کے حصول میں مشکلات پیش آرہی ہیں، جبکہ گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے متبادل ایندھن کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ سوراب کے لوگ لکڑیاں بھی دگنی قیمت میں لینے پر مجبور ہوگئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ متبادل ذرائع ایندھن کے استعمال سے نہ صرف انہیں اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑ رہے ہیں بلکہ روزمرہ زندگی کے معمولات بھی شدید متاثر ہو رہے ہیں، پہلے ہی مہنگائی کے باعث مشکلات کا شکار عوام کے لیے مہنگا متبادل ایندھن ایک اضافی مالی بوجھ بن چکا ہے جبکہ دوسری جانب گیس پلانٹ انچارج انجینئر جاوید زہری کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے موجودہ صورتحال کی وجہ سے گیس بوزرز آنے کے لیے تیار نہیں ہے۔

اوتھل، گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن کا ریٹائر اساتذہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

عبدالعزیز رونجھو سمیت سبکدوش ہونے والے اساتذہ کی تعلیمی خدمات کو خراج تحسین

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن لسبیلہ کی جانب سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ کے اعزاز میں الوداعی پروقار تقریب گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جبکہ طلبہ نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ تقریب میں ریٹائر اساتذہ کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں جی ٹی اے لسبیلہ و حب کے عہدیداران، ریٹائر اساتذہ اور حاضر سروس اساتذہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران ریٹائر ہونے والے اساتذہ کی طویل عرصہ تک تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں روایتی اجرکیں پہنائی گئیں، جبکہ مہمانان گرامی کو پھولوں کی پتیاں اور ہار بھی پہنائے گئے۔ اس موقع پر جی ٹی اے لسبیلہ کے چیئرمین عبدالواحد سومرو، صدر اسلم رونجھو، رہنما سید حسن شاہ قریشی، حاجی نوید احمد ہاشمی، جی ٹی اے بلوچستان کے چیئرمین احمد خان رونجھو، پیر غلام محمد شاہ جیلانی، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل محمد سلیم سرپرہ، جی ٹی اے حب کے چیئرمین شفیع محمد انگاریہ اور دیگر عہدیداران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریٹائر اساتذہ کی خدمات ہمارے تعلیمی نظام کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ سابق جی ٹی اے لسبیلہ و حب کے سابق صدر عبدالعزیز رونجھو سمیت دیگر ریٹائر ہونے والے اساتذہ نے اپنی پوری ملازمت کے دوران نہ صرف تدریسی فرائض احسن انداز میں سرانجام دیے بلکہ نسلوں کی تربیت اور کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا مقام معاشرے میں ہمیشہ بلند اور قابل احترام رہا ہے، کیونکہ استاد ہی وہ شخصیت ہے جو بچوں کو علم کی روشنی سے منور کرکے انہیں مستقبل کے معمار بناتا ہے۔ آج ہمارے بہت سے شاگرد مختلف سرکاری و غیر سرکاری اداروں میں بڑے عہدوں پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جس کے پیچھے ان کے اساتذہ کی محنت، رہنمائی اور تربیت شامل ہے۔ ریٹائرمنٹ ملازمت کا اختتام ضرور ہے، لیکن استاد کی علمی و تربیتی خدمات کبھی ریٹائر نہیں ہوتیں اور ان کا اثر آنے والی نسلوں تک قائم رہتا ہے۔ جی ٹی اے عہدیداران نے مزید کہا کہ عبدالعزیز رونجھو اور دیگر اساتذہ نے دوران ملازمت اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ اساتذہ کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے لیے بھی بھرپور جدوجہد کی۔ ان کی خدمات اور تجربات جی ٹی اے اور محکمہ تعلیم کے لیے قیمتی اثاثہ ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ریٹائر ہونے والے اساتذہ اپنی علمی اور تجرباتی رہنمائی سے آئندہ بھی نئی نسل کے اساتذہ کی رہنمائی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے مختلف علاقوں سے تقریب میں شرکت کے لیے آنے والے اساتذہ اور جی ٹی اے کے عہدیداران کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس موقع پر سابق صدر جی ٹی اے لسبیلہ و حب ریٹائرڈ ٹیچر عبدالعزیز رونجھو نے کہا کہ وہ جی ٹی اے کے عہدیداران کے بے حد مشکور و ممنون ہیں جنہوں نے انہیں عزت و احترام سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ جتنے عرصے تک وہ جی ٹی اے لسبیلہ کے صدر رہے، انہوں نے اساتذہ کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے لیے بھرپور جدوجہد کی اور مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کیا۔

گنداخہ، کھیرتھر کینال کی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید کمی

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ میں کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید قلت اور عدم دستیابی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کی جانب سے پریس کلب چوک پر ایک احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا۔ اس احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، بڑی تعداد میں کاشتکاروں اور مقامی علاقہ مکینوں نے بھرپور شرکت کی۔ یہ احتجاجی کیمپ جے یو آئی تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی خصوصی نگرانی میں قائم کیا گیا، جہاں شرکا نے نہروں میں پانی نہ ہونے پر اپنی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار ماہ سے تحصیل گنداخہ کی مختلف نہروں، شاخوں اور مائنروں کے ٹیلوں تک ایک قطرہ پانی بھی نہیں پہنچ رہا، جس کے باعث کروڑوں روپے مالیت کی زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں اور تیار فصلیں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔

گزشتہ سیلابوں سے تباہ ہونیوالی کیمونٹی واٹر سپلائی سروس یوسی جھگلری بحال

جعفرآباد (پ ر) بی ایس ڈی آئی کے فنڈز کے تحت جعفرآباد کی آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑی یونین کونسل جھگلری کی کیمونٹی واٹر سپلائی اسکیم سروس محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی نگرانی میں بحال کردی گئی۔ جس کا افتتاح 10 ستمبر 2026 بروز جمعرات کو جماعت اسلامی کے رہنما میر مٹھا خان بادینی نے کردیا۔ افتتاحی تقریب میں ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا ظم لونی سمیت علاقے کے دیگر شہریوں نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان نے اپنے میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ واٹر سپلائی اسکیم کی بحالی کے بعد ہزاروں خاندان پینے کے صاف پانی کی سہولت سے مستفید ہوگئے۔

وندر، امن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا رنگارنگ آغاز، محمد اسلم سوری نے افتتاح کردیا

وندر (یو این اے) وندر امن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا باقاعدہ افتتاح جام گروپ کے سینئر رہنما و سابق وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر محمد اسلم سوری نے شاٹ مار کر کردیا۔ مہمان خصوصی محمد اسلم سوری کی اسپورٹس گراؤنڈ وندر آمد پر اسپورٹس کمیٹی کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ افتتاحی میچ میں شہید نور بخش اسپورٹس اور کنگ بریدہ اسپورٹس کی ٹیمیں مدمقابل ہوئیں شہید نور بخش نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 8 اوورز میں 139 رنز کا ہدف دیا۔ شہید نور بخش کے بلے باز میر جانثار نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کی پہلی نصف سنچری اسکور کی۔ ہدف کے تعاقب میں کنگ بریدہ اسپورٹس کی پوری ٹیم 45 رنز بنا سکی۔ شہید نور بخش اسپورٹس نے میچ میں کامیابی حاصل کرکے اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ اس موقع پر جام گروپ کے معروف اسٹیج سیکرٹری میر اللہ الفت نے مہمان خصوصی محمد اسلم سوری کو روایتی اجرک پہنائی جبکہ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف بھی کرایا گیا۔ مہمان خصوصی محمد اسلم سوری نے اسپورٹس کمیٹی کے لیے 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے کھیلوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔

مجوزہ انسان کی دریافت

تحریر۔ شہزاد منیر احمد
گروپ کیپٹن ریٹائرڈ

کائنات کی سب سے بڑی دریافت انسان ہے۔ اور انسان اپنی ذات اور دریافت کو بھول کر، بیرونی ٹیکنالوجی میں بہت کچھ دریافت کرنے کے چکر میں خالی ہاتھ نظر آتا ہے۔

ہر انسان، اپنی حیثیت میں دوسروں کے تابع رہ کر جی رہا ہے۔ مخلص مکاروں کی چالاکیوں کا شکار ہے اور مکار مخلصین کی سادگی کا شکار ہے، اور دونوں ناکام اور پچھتاوے کا شکار۔

انسانی رویوں کا بہت بڑا تضاد ہے۔ مکار کا المیہ یہ ہے کہ وہ دوسروں کو دھوکا دینے، چالیں چلنے اور اپنی اصلی اوقات کو چھپانے کے چکر میں اس قدر زندگی گنوا دیتا ہے کہ اسے خود اپنی صلاحیتوں سے فیضیاب ہونے کا موقع نہیں ملتا۔

مخلص کا المیہ یہ ہے کہ وہ:- اپنی سادگی اور سچائی کی وجہ سے مکاروں کی چالاکی کا شکار بن جاتا ہے۔ اس کی واقعی صلاحیتیں SELF اکثر مدافعت کرنے، صدمات سے نکلنے اور مکاروں کے کھڑے کیے گئے بحرانوں سے لڑنے میں ہی ختم ہوجاتی ہیں۔

اوپر لکھے گئے جملوں میں ساری داستان بیان کر دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیں تو دل خود احتسابی پر مائل نظر آتا ہے۔

مضمون "مجوزہ انسان کی دریافت" کا نفسیاتی تجزیہ تحریر کو مزید سائنسی اور گہرا بنا دیتا ہے۔

جب ہم نفسیات (Psychology) کی عینک سے دیکھتے ہیں، تو معلوم ہوتا ہے کہ مخلص یا مکار ہونا محض اتفاق نہیں، بلکہ یہ انسان کے اندرونی خوف، انا اور ماضی کے تجربات کے ٹھوس نتیجے کی بنیاد پر فیصلہ ہوتا ہے۔

مکار شخص کا نفسیاتی معیار اس کا احساس کمتری سے فرار اور بقا کی جنگ لڑنا ہوتا ہے۔ تاریخ یہی بتاتی ہے کہ، کوئی بھی شخص پیدائشی مکار نہیں ہوتا۔ انسانی مکاری دراصل ایک دفاعی میکانزم (MechanismDefense) ہے جو خوف اور عدم تحفظ کے احساسات سے پیدا ہوتا ہے۔

مکار شخص اندر سے شدید عدم تحفظ کا شکار ہوتا ہے۔ اسے لگتا ہے کہ اگر وہ سیدھے راستے سے چلے گا، تو لوگ اسے کچل دیں گے۔ وہ اپنی واقعی صلاحیتوں پر بھروسہ نہیں کرتا، اس لیے چالاکی کا سہارا لیتا ہے، جو کہ انا کا سراب ثابت ہوتا ہے۔

مکار انسان اپنی انا (Ego) کو تسکین دینے کے لیے دوسروں کو کنٹرول کرنا چاہتا ہے جو کہ ناممکن تو نہیں، مگر مشکل ضرور ہے۔

نفسیات اسے "نرجسیت" (Narcissism) یا "میکیاولی ازم" (Machiavellianism) کہتی ہے، جہاں انسان دوسروں کو صرف اپنے فائدے کے لیے استعمال کرتا ہے۔

(ہم جب اپنے رشتے داروں کے رویے کو اس پیمانے سے ماپتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ۔ ہمارا ہر رشتہ ہمیں نچوڑنے پر مائل ہے محبت پر نہیں۔) نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی اصل تعمیری صلاحیت (PotentiaCreative) کو کبھی دریافت ہی نہیں کر پاتا۔ کیوں کہ وہ اصل راستے سے ہٹ کر چل رہا ہوتا ہے۔

اس کے برعکس مخلص شخص کا نفسیاتی مزاج یا معیار اس کی سادگی یا نفسیاتی کمزوری ہوتی ہے۔

مخلص شخص کی تمام توانائیاں اس بات پر ضائع ہوتی ہیں کہ "دوسروں کے دیے گئے زخموں سے کیسے سنبھلنا ہے؟"۔

نفسیاتی طور پر، جب تک انسان کی توانائی اپنی ذات پر مرکوز نہیں ہوگی، وہ اپنی واقعی صلاحیتوں (Actualization-Self) کے عروج تک پہنچ ہی نہیں سکتا۔ انسان کی دریافت اسی وقت شروع ہوتی ہے جب وہ بیرونی سازشوں اور صدمات سے نظر ہٹا کر اپنے اندر جھانکتا ہے۔

موضوع گفتگو کے اعتبار سے داناؤں کا کہنا ہے:-

"مکاری کمزور اعصاب کا ہتھیار ہے اور حد سے زیادہ سادگی بکھرے ہوئے ذہن کی نشانی۔ انسان کی واقعی دریافت تب ہوتی ہے جب خلوص کو شعور اور دانائی کی ڈھال مل جائے۔"

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

اوستہ محمد، ڈرائیور اور فیول نہ ملنے پر اسکولوں کو فراہم کردہ بسیں غیر فعال

اوستہ محمد (یو این اے) بلوچستان حکومت اور محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے سرکاری سکولوں کو فراہم کی جانے والی بسیں ڈرائیور اور فیول کی عدم دستیابی کے باعث عرصہ دراز سے تپتی دھوپ میں کھڑی ہیں، جس کے باعث طلبہ و طالبات کو سفری سہولیات میسر نہیں آرہیں۔ جس کی وجہ سے طلبہ و طالبات سراپا احتجاج ہیں اوستہ محمد کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے طلبہ و طالبات کی سہولت کے لیے سکولوں کو بسیں فراہم کی گئی ہیں، تاہم ڈرائیور اور فیول کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث یہ بسیں عملاً غیر فعال ہوکر رہ گئی ہیں۔ قیمتی سرکاری بسیں طویل عرصے سے کھلے آسمان تلے کھڑی ہونے کے باعث خراب ہونے کا خدشہ بھی پیدا ہوگیا ہے۔

صحبت پور، مہنگائی نے تمام ریکارڈ توڑ دیے، 90 فیصد غریبوں کے چولہے بجھ گئے

ضلع بھر میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ غیر فعال، دکانداروں نے اشیائے ضروریہ کے نرخ خود مقرر کر لیے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پہور، سہوری، مانجھی پور، تحصیل سعید خان، حیر دین، فرید آباد اور جیا خان کے علاقوں میں خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ گئی ہے، جہاں ہر دکاندار نے اپنے من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ مہنگائی کے اس طوفان کے باعث غریب عوام کا جینا محال ہو چکا ہے اور علاقے کے 90 فیصد لوگوں کے چولہے بجھ چکے ہیں۔ موجودہ صورتحال کے مطابق برائلر مرغی سات سو روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، بکرے کا گوشت تین ہزار روپے جبکہ بڑے جانور کا گوشت دو ہزار سے پچیس سو روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ بیس کلو گندم کا آٹا چار ہزار روپے، چینی تین سو روپے فی کلو جبکہ آلو، پیاز، سبزیوں اور پھلوں سمیت دیگر جملہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سنگین صورتحال میں نہ تو پرائس کنٹرول کمیٹی کا کوئی وجود دکھائی دے رہا ہے اور نہ ہی ضلعی انتظامیہ اس پر قابو پانے کے لیے متحرک ہے، جس کے باعث غریب اور محنت کش عوام سڑکوں پر رل گئے ہیں۔ سیاسی و سماجی حلقوں نے چیف آف مگسی و وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ صحبت پور اور اس کے گردونواح میں جاری اس خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کا فوری نوٹس لیں تاکہ عوام کو اس عذاب سے نجات دلائی جاسکے۔

ہائی جیکنگ سازش کا سیاہ داستان

قسط 4



ایک گیٹ کے اندر داخل ہوئے۔ وہاں پہنچ کر مجھے اور اس دوسرے شخص کو (جس کے بارے میں بعد میں معلوم ہوا کہ وہ منان تھا، یعنی طیارہ اغوا کرنے والا) گاڑی میں ہی چھوڑ دیا گیا اور باقی لوگ کہیں چلے گئے۔ گاڑی کی کھڑکیاں بند تھیں اور شدید گرمی تھی۔ 15 منٹ بعد ہمیں گاڑی سے اتارا گیا اور ایک شخص نے ہمارے ہاتھ پکڑ کر ہمیں ایک تاریک جگہ کی طرف لے جانا شروع کیا۔ چلتے ہوئے میرا پاؤں پھسل گیا۔ بڑی کوشش کے بعد میں گرنے سے بچ گیا، مگر پھر بھی میرے پاؤں میں موچ آگئی۔ میں نے احتجاج کیا اور کہا کہ میں آنکھوں پر پٹی بندھے ہونے کے باعث کچھ دیکھ نہیں سکتا تھا، کم از کم مجھے یہ تو بتایا جاتا کہ سامنے سیڑھیاں ہیں۔ مجھے ایک کمرے میں لے جایا گیا جہاں تیل کی تیز اور ناگوار بو پھیلی ہوئی تھی۔ فرش مکمل طور پر گیلا اور پھسلن والا تھا۔ جب مجھے بیٹھنے کا حکم دیا گیا تو میں نے ہاتھوں کی مدد سے خشک جگہ تلاش کی۔ میں ابھی بیٹھا ہی تھا کہ ایک شخص آیا اور مجھے لات ماری اور کہا "کیا تم سمجھتے ہو یہاں دسترخوان بچھا ہے؟ ایسے بیٹھے ہو جیسے کوئی دعوت ہو رہی ہو۔ کھڑے ہو جاؤ!" اس کے حکم پر میں خاموشی سے کھڑا ہوگیا۔ میں تقریباً 10 منٹ تک کھڑا رہا، پھر ایک اور شخص آیا اور مجھے دوبارہ بیٹھنے کا کہا۔ اس کے بعد آخرکار میری آنکھوں کی پٹی اور ہتھکڑیاں کھول گئیں۔ وہاں سب سے پہلے جس شخص کو میں نے دیکھا، اسے شاہ جی کہا جاتا تھا۔ اس کا قد تقریباً پانچ فٹ دس انچ تھا، رنگ گورا تھا اور اس کا عہدہ نائیک تھا۔ وہ سامنے کھڑکی بند کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ کمرہ تقریباً چھ بائی آٹھ فٹ کا تھا اور چاروں طرف تیل چھڑکا ہوا تھا۔ کئی جگہوں پر فرش میں کوئلے اور بڑے پتھر آدھے دبے ہوئے تھے۔ بعد میں شاہ جی نے آکر مجھے ایک کمبل دیا اور کہا کہ اسے بچھا لو۔ میں نے کمبل بچھایا اور اس پر بیٹھ گیا۔ شدید گرمی اور روزے کی حالت میں مجھے سخت پیاس لگی ہوئی تھی۔ افطار کے وقت انہوں نے مجھے مناسب افطاری فراہم کی۔ میں نے نماز ادا کی۔ تقریباً رات 10 بجے مجھے دوبارہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر کوٹھڑی سے باہر لے جایا گیا۔ جب پٹی کھولی گئی تو میں نے خود کو ایک کمرے میں ایک ایسے شخص کے سامنے بیٹھا ہوا پایا جس کا چہرہ بالکل سپاٹ، بے تاثر اور کلین شیو تھا۔ اس کی شخصیت اس قدر خوفناک تھی کہ وہ انسان سے زیادہ کسی درندے کا روپ معلوم ہوتا تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ اس کا نام میجر اختر تھا۔ ایک بار پھر تفتیش کا سلسلہ شروع ہوا۔ وہ اس بات پر اڑا ہوا تھا کہ طیارہ اغوا کرنے کا پورا منصوبہ تو نے تیار کیا تھا۔ جو بھی الزامات وہ مجھ پر عائد کرتا، میں دوٹوک انداز میں انکار کر دیتا، کیونکہ وہ سراسر جھوٹ تھے۔ میں بار بار کہتا رہا کہ نہ میں نے کچھ کیا ہے اور نہ ہی مجھے کسی بات کا علم ہے۔ تفتیش تقریباً دو گھنٹے جاری رہی۔ اس کے بعد مجھے دوبارہ آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی، مگر میں وہیں بیٹھا رہا۔ اسی دوران میجر اختر نے اچانک میری داڑھی پکڑی (جو اس وقت تک خاصی بڑھ چکی تھی) اور زور زور سے جھٹکے دیتے ہوئے سخت لہجے میں کہا "میں دیکھتا ہوں تم کیسے اقرار نہیں کرتے!" پھر اس نے ایک اہلکار کو حکم دیا کہ مجھے واپس کوٹھڑی میں بند کر دیا جائے۔ وہ اہلکار، جسے میں اس کی مونچھوں سے پہچانتا تھا، مجھے ایک راہداری سے لے جا رہا تھا کہ اچانک میجر اختر نے چلا کر حکم دیا "اسے ایسے لے جا رہے ہو جیسے مال روڈ پر سیر کر رہے ہو، اسے دوڑاؤ!" چنانچہ اہلکار نے مجھے دوڑایا اور تقریباً پچاس قدم دور واقع کوٹھڑی میں لے جاکر بند کر دیا۔ وہاں اس نے میری آنکھوں کی پٹی کھول دی۔ میں اس قدر تھکا ہوا تھا کہ فوراً سو گیا۔ کچھ دیر بعد زوردار دھماکے کے ساتھ کوٹھڑی کا دروازہ کھولا گیا اور بتایا گیا کہ سحری کا وقت ہے۔ میں اٹھا، سحری کی اور دوبارہ سو گیا۔ ابھی میں نے آنکھ لگائی ہی تھی کہ دروازہ پھر کھلا اور پوچھا گیا "نماز پڑھتی ہے؟" میں نے ہاں کہا، تو میرے سر پر تولیہ ڈال کر مجھے وضو کے لیے غسل خانے لے جایا گیا۔ وضو کے بعد دوبارہ میری آنکھوں اور سر پر تولیہ ڈال دیا گیا اور مجھے واپس کمرے میں لے آیا گیا۔ دروازہ بند ہوتے وقت میں نے وقت پوچھا تو اہلکار نے بہت آہستہ سے بتایا کہ ساڑھے چار بجے ہیں۔ نماز ادا کرنے کے بعد میں نے قرآن مجید مانگا۔ کافی دیر بعد وہ قرآن لے آئے۔ میں نے تلاوت کی اور تقریباً صبح دس بجے سو گیا۔ یہی معمول میرے باقی تمام دنوں میں رہا۔ میں وقت پر نمازیں ادا کرتا اور صرف وضو کے لیے ہی کوٹھڑی سے باہر نکالا جاتا تھا۔ اسی دن تقریباً رات دس بجے ایک صوبیدار آیا اور مجھے کھڑے ہونے کا حکم دیا۔ میں خاموشی سے ہاتھ پیچھے باندھے کھڑا ہوگیا۔ یہ ایک نیا قسم کا تشدد تھا۔ مجھے مسلسل ایک گھنٹے تک کھڑا رکھا جاتا۔ جاری۔۔۔۔۔۔

اقتباس میرے تصنیف (واشنگٹن سے بیجنگ تک)

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ملکی خام تیل کی پیداوار میں اضافے کا منصوبہ

حفیظ عاصم

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی روز بروز بڑھتی مانگ کے پیش نظر آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) پیداوار بڑھانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔ ملک میں بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کیلئے خام تیل کی پیداوار 50 ہزار بیرل یومیہ تک بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جس سے پاکستان کی درآمدی بل کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ او جی ڈی سی ایل نے اس کیلئے ورکنگ گروپ تشکیل دیے ہیں تاکہ جدید ترین ٹیکنالوجیز کو بروئے کار لاتے ہوئے توانائی کی پیداوار کو بڑھایا جا سکے۔ ورکنگ گروپ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تیل اور گیس کی پیداوار میں اضافہ کیلئے انفرادی کنوؤں اور فیلڈز پر بہت زیادہ توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق آخری مالی سال کے اختتام پر خام تیل کی پیداوار 32,000 بیرل یومیہ تھی جو ازسرنو کوششوں کی بدولت بڑھ کر 35 ہزار ہو گئی ہے۔

پانچ سالہ منصوبہ کے مطابق مالی سال 2023-2024 میں خام تیل کی مجموعی پیداوار میں 2 ہزار بیرل یومیہ اضافہ کیا

جائے گا، اسی طرح مالی سال 2024-2025 میں 9,379 بیرل یومیہ، 2025-2026 میں 12,104 بیرل یومیہ 2026-2027ء میں 16,286 جبکہ 2027-2028 میں 19,583 بیرل یومیہ اضافہ کیا جائے گا۔ واضح رہے پاکستان کو ڈالر کی کمی کا سامنا ہے جس کی وجہ سے تمام شعبوں کی طرف سے درآمدات کیلئے لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) کھولنے پر پابندیاں عائد کی گئیں۔ آئل ریفائنریز اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کو بھی اس پابندی کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ انہیں بھی آئل درآمد کرنے کیلئے ایل سیز کھولنے میں مشکلات درپیش تھیں۔ تیل کی ملکی پیداوار میں اضافہ بلاشبہ معیشت کیلئے مفید اشاریہ بنے گا۔

اس منصوبے کے تحت او جی ڈی سی ایل انتظامیہ نے جدید ترین ٹیکنالوجی کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے مختلف ممالک میں سروسز فراہم کنندوں سے بات چیت کی ہے۔ حکام نے بتایا ''الیکٹرک سبمرسیبل پمپس نصب کرکے پاسکھی فیلڈ سے پیداوار میں 1200 بیرل یومیہ اضافہ ہوا ہے۔'' کمپنی نے درآمدات پر انحصار کم کرنے اور مقامی صنعت سے خریداری کی حوصلہ افزائی کیلئے "انڈیجنائزیشن یونٹ" قائم کیا ہے۔ جس کے تحت مقامی صنعت کے فروغ کیلئے حکمت عملی پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں درآمدات میں 25 فیصد کمی کی جائے گی اور مقامی پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر مینوفیکچررز کو متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے طور پر شامل کیا جائے گا۔ او جی ڈی سی ایل ٹیم نے حال ہی میں معروف مینوفیکچررز سے ملاقات کی اور ان کی فیکٹریوں کا دورہ کیا۔ مقامی صنعت کے فروغ کا منصوبہ درآمدات کو نمایاں طور پر کم کرنے اور غیرملکی زرمبادلہ بچانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

کمپنی نے صوبہ خیبرپختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں باراتائی بلاک میں واقع سیاب میں ریکارڈ کارکردگی دکھائی ہے۔ جنوری، 2022 کو دریافت ہونے کے بعد سے سیاب کنویں سے تیل اور گیس کا بہاؤ توقعات سے بڑھ کر نمودار ہوا۔ او جی ڈی سی ایل نے ہائیڈرو کاربن کی پیداوار کے نئے دور کا آغاز کیا ہے جس کے نتیجہ میں 4300 پی ایس آئی کی ڈبلیو ایچ ایف پی پر اب اضافی 265 بیرل یومیہ خام تیل جبکہ 14.3 ایم ایم ایس سی ایف ڈی یومیہ گیس کی پیداوار کے ساتھ پیداوار میں حیران کن اضافہ ہوا ہے۔ سیاب کنویں سے اضافی پیداوار کا باضابطہ آغاز 28 اگست، 2023 کو ہوا ہے۔ جس سے مجموعی پیداوار بڑھ کر 20.5 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس اور 390 بیرل یومیہ خام تیل حاصل ہوا۔ دیگر قابل ذکر کامیابیوں میں نم ایسٹ 1 ایکسپلوریٹری کنویں کی کارکردگی میں بہتری شامل ہے۔ 12.5 کلومیٹر طویل پائپ لائن بچھانے کے بعد کنویں سے تیل کی 585 بیرل یومیہ اضافی پیداوار اور 7.4 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس اور 32 میٹرک ٹن یومیہ مائع پٹرولیم گیس حاصل ہورہی ہے۔ 20 جولائی 2023 سے حاصل ہونے والی گیس سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے نیٹ ورک میں بغیر کسی رکاوٹ شامل ہورہی ہے اور 28 جولائی 2023 تک اس کی مسلسل نگرانی کی گئی ہے۔ اسی طرح او جی ڈی سی ایل نے صوبہ سندھ کے ضلع حیدرآباد میں واقع اپنی 100 فیصد ملکیتی پاسکھی آئل فیلڈ میں واقع کنویں 11 میں الیکٹرک سبمرسیبل پمپ نصب کیا ہے۔ اس اقدام سے تیل کی 1010 بیرل یومیہ اضافی پیداوار حاصل ہوئی ہے۔ اس وقت کنویں سے 1810 بیرل یومیہ تیل حاصل ہورہا ہے اور زیادہ سے زیادہ فلوریٹ کا اندازہ لگانے کیلئے نگرانی کی جارہی ہے۔ پاسکھی کنویں 11 سے اضافی پیداوار کا آغاز 28 جولائی 2023 سے ہوا۔ اسی طرح صوبہ سندھ کے ضلع سانگھر میں واقع چک میں ایکسپلوریٹری کنویں نے بھی کمپنی کی بہتر حکمت عملی کی بدولت غیرمعمولی کارکردگی دکھائی۔ یہ ایک مشترکہ منصوبہ ہے، جس میں او جی ڈی سی ایل بطور آپریٹر 62.5 فیصد، گورنمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ 22.5 فیصد اور اورنٹ پٹرولیم کارپوریشن 15 فیصد کیا حصہ دار ہیں۔

☆☆☆☆

احسن صدیق

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عدنان خالد بٹ نے مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کے ملک کی اقتصادی ترقی کے ویژن کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہونے کے بعد جب نواز شریف کے اقتصادی ویژن پر عمل درآمد ہوگا تو پاکستان نا صرف بہت جلد اقتصادی مسائل سے باہر نکل آئے گا بلکہ تیز رفتار اقتصادی ترقی کرے گا۔ نوائے وقت کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تقریب میں خطاب کے دوران پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد و سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کہا کہ ،عوام کو مہنگائی، غربت سے نجات دلانا ہماری ذمہ داری اور فرض ہے، ہمارے دور کی ترقی اور پالیسی جاری رہتی تو ڈالر آج چالیس یا پچاس روپے کا ہوتا، معیشت کے فیصلے دلیری اور بہادری کے ساتھ کرتا ہوں گے، ادارے منافع کمائیں گے تو قوم اور خزانے سے بوجھ ختم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور میں 2013 سے 2018 کے دوران مہنگائی سالانہ 12 فیصد سے کم ہوکر چار فیصد پر آگئی تھی جبکہ کھانے پینے کی اشیا کی مہنگائی دو فیصد پر تھی اور ترقی کی شرح 6 فیصد سے زیادہ تھی جبکہ پالیسی ریٹ 5.5 فیصد پر آ گیا۔ انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کے دور میں پاکستان سٹاک مارکیٹ انڈیکس 21 ہزار پوائنٹس سے بڑھ کر 54 ہزار پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، تین سٹاک ایکسچینجز کو پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تبدیل کیا جو دنیا کی پانچویں بہترین سٹاک ایکسچینج قرار پائی اور ایکسپورٹ ری فنانس ریٹ 3 فیصد کی سطح تک کم کیا گیا جو اب دوگنا ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ ٹرم فنانس فسیلٹی ریٹ تین فیصد تک کم کیا گیا جو اب ڈبل ڈیجٹ میں جا چکا ہے، مسلم لیگ ن کے دور میں جی ڈی پی کی شرح سے ٹیکس وصولیاں دوگنا ہوگئیں 9.8 سے ٹیکس وصولیوں کی شرح 12.4 فیصد ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کا حجم 348 ارب سے بڑھا کر ایک ہزار ارب تک جا پہنچا اور چار سال کے دور میں ڈالر کو 104 روپے پر رکھا، مسلم لیگ ن کے دور کی پالیسیوں کی وجہ سے نجی شعبے کیلئے کریڈٹ 8 ارب سے بڑھ کر 733 ارب ہوا۔ انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف پاکستان کی معاشی مشکلات کو سمجھتے ہیں، انہوں نے ہمیشہ مشاورت کی ہے، اب بھی میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ مشاورت سے ہی آگے بڑھیں گے، مسلم لیگ ن کی بنائی پالیسیوں سے پاکستان کی کاروباری برادری نے بھرپور عمل کیا، اسی طرح میاں نواز شریف کی پالیسیوں کو بھارت نے اپنایا اور معاشی ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ 1990 کے بعد سے میاں نواز شریف نے کاروبار کو روایتی دائروں سے آزادی دلائی جبکہ دیگر ممالک بھی ان مراحل سے گزرے ہیں۔ مسلم لیگ ن نے پالیسیاں بنائیں تو خزانہ بھرنا شروع ہوگیا، اب میاں نواز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی کے اجلاس میں کہا ہے کہ انڈسٹری میں آنے والے پیسے کے بارے میں نہ پوچھنے کی پالیسی ہونی چاہیے جس کی ہم مکمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں میاں نواز شریف کی اس بات کی بھی مکمل تائید کرتا ہوں کہ اگر 1990 کے دور کی انکی پالیسیاں اور ترقی کی رفتار جاری رہتی تو آج پاکستان ترقی کی رفتار میں کہیں آگے ہوتا، انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، غربت سے نجات دلانے کے لئے ملک کی کاروباری برادری میاں نواز شریف کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد نواز شریف کی پالیسی کے باعث 2013 سے 2017 کے دوران پاکستان دنیا کی چوبیسویں معیشت بن چکا تھا، چار سال ڈالر کو 104 روپے کے شرح تبادلہ پر برقرار رکھا، اس دور کی ترقی اور پالیسی جاری رہتی تو ڈالر آج چالیس یا پچاس روپے کا ہوتا۔ نائب صدر چیمبر نے کہا کہ 1998 میں جب پاکستان نے میاں نواز شریف کی قیادت میں ایٹمی دھماکے کئے تھے تو اسلامی ممالک پاکستان کو اپنا رکھوالا سمجھنے لگے تھے، آج یہ حالت ہوگئی کہ ایک ایک ارب ڈالر کیلئے محتاج ہو گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور میں سوا چھ فیصد پالیسی ریٹ تھا، آج 22 فیصد پر ہے، 22 فیصد پالیسی ریٹ سے کون کاروبار کرسکتا ہے، روپیہ، معیشت اور سب نظام تباہی کا شکار ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں بجلی کا ایک ہزار روپے جس کا بل آتا تھا، آج 15 ہزار روپے بل آرہا ہے، پانچ پانچ گنا قیمتوں میں اضافہ ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سب سے سستی کرنسی پاکستان کی ہے، ناقص اقتصادی پالیسیوں سے پاکستان کی کرنسی کو مٹی میں ملا دیا گیا، اتنی مہنگائی میں عوام کیسے زندہ رہیں گے، کاروبار کیسے چلے گا، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے 2013 میں بھی پاکستان کو گرے لسٹ سے نکالا تھا، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور میں سورج کی روشنی اور تھر کے کوئلے سے بجلی بنائی اور پن بجلی کے منصوبے شروع ہوئے۔ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہوا اور 11 ہزار میگاواٹ مزید بجلی نیشنل گرڈ میں شامل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت نے ملک میں ضرب عضب اور ردالفساد آپریشن شروع کئے اور کراچی میں امن قائم کیا، ضرب عضب، ردالفساد اور کراچی آپریشن کی وجہ سے اخراجات میں اضافے کے باوجود بجٹ خسارہ 8 فیصد سے کم کر کے 5.8 فیصد پر لے کر آئے۔ ترقیاتی بجٹ تقریباً ایک ہزار ارب روپے تک لے گئے تھے اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار آئی ایم ایف پروگرام مکمل کیا اور آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور میں کسانوں کو زراعت کیلئے قرض فراہمی 336 ارب سے بڑھ کر 973 ارب ہوگئی، ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کیلئے 46 ارب ڈالر کے سی پیک منصوبہ کا آغاز ہوا۔ انہوں نے کہا کہ میں محمد نواز شریف اور شہباز شریف کا ایل سی سی آئی آمد پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں شہباز شریف ہمارے دل کے بہت قریب ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیراعظم پاکستان کے طور پر ملک وقوم کی خدمت پر شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف لاہور چیمبر کے صدر رہ چکے ہیں، انکی قائدانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، شہباز شریف نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کر کے پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچایا۔

گرے اکانومی کا تدارک اور چارٹر آف اکانومی اولین ترجیح بنائی جائے

احسن صدیق

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے کہا ہے کہ روپے کی مستحکم قدر، برآمدات میں اضافہ، درآمدات کا متبادل، افراط زر کی روک تھام، مارک اپ کی شرح میں کمی اور چارٹر آف اکانومی پائیدار معاشی ترقی کیلئے اشد ضروری ہیں۔ اس حوالے سے ٹھوس حکمت عملی کے تحت نمایاں پیش رفت کرنا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کیا ہے۔ کاشف انور نے کہا کہ تجارتی و معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اپنا کردار بخوبی ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر نے کاروباری شعبہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تاجروں کی حوصلہ افزائی کے لیے اچیومنٹ ریکگنیشن کی تقریب، بریسٹ کینسر پر آگاہی سیمینار سمیت دیگر اہم ایونٹس منعقد کیے گئے ہیں۔ عام تاثر ہے کہ یہ خواتین ہی میں ہوتا ہے لیکن یہ موذی مرض مردوں کو بھی لاحق ہوسکتا ہے۔ اگرچہ مردوں میں اسکی شرح بہت کم ہے۔

انہوں نے بتایا کہ لاہور چیمبر کی تاریخ ایک صدی پر محیط ہے اور وہ لاہور چیمبر کے 100 ویں صدر ہیں۔ یہ چیمبر ناردرن انڈیا چیمبر کے نام سے 1923 میں قائم کیا گیا تھا جس کے ممبران کی تعداد آج 35 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ لاہور چیمبر مختلف وفاقی و صوبائی محکموں متعلقہ وزارتوں اور سفارتی مشن کے سربراہوں کے ساتھ ملاقاتوں کے ذریعے کاروباری مواقع کی تلاش میں مصروف رہتا ہے جبکہ سٹیک ہولڈرز اور ریاست کے درمیان پل کا کردار ادا کرنا بھی اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ لاہور چیمبر سماجی شعبہ میں بھی بھرپور طریقے سے سرگرم عمل ہے۔ لاہور چیمبر ملک کا واحد چیمبر ہے جس نے اپنے ممبران کے لیے سمارٹ سروسز کا آغاز کیا ہے اور متعدد اداروں کے ہیلپ ڈیسک ایک ہی چھت کے نیچے کام کر رہے ہیں۔ ملک میں کاروبار کے لئے ساز گار ماحول کا فروغ لاہور چیمبر کا بنیادی ویژن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگلے پورے سال کو لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمپلائنس اینڈ فسیلیٹیشن کا سال قرار دیا گیا ہے۔ کاشف انور نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کے ساتھ اپنی ملاقات کو بطور صدر لاہور چیمبر اپنے پہلے سال کے دوران ہونے والا ایک اہم ایونٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے انتہائی بہترین نتائج برآمد ہوئے، ڈالر کی قیمت میں فوری کمی اور سٹاک مارکیٹ میں تیزی دیکھنے میں آئی۔ ایک سال کے دوران اپنی کارکردگی کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے کاشف انور نے کہا کہ امریکی سفیر نے طویل عرصے کے بعد ایل سی سی آئی کا دورہ کیا۔ لاہور چیمبر میں بھارتی ڈپٹی ہائی کمشنر سے اہم ملاقات بھی ہوئی۔ اس کے علاوہ چین، یورپی یونین، بیلجیئم، ایران، تیونس، قازقستان، تاجکستان، آذربائیجان، ترکی، ویتنام، انڈونیشیا، برطانیہ سمیت مختلف ممالک کے سفیروں، ہائی کمشنرز اور تجارتی وفود نے بھی ایل سی سی آئی کا دورہ کیا تاکہ باہمی تجارت اور اقتصادی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ انہوں نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی، اسوقت کے وزیر اعظم شہباز شریف، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان، نگراں وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی، وفاقی خزانہ اور دیگر وزراء، چیئرمین ایف بی آر اور دیگر اعلیٰ حکام سے ایک سے زائد ملاقاتیں کیں۔ نیپرا چیف، ایس این جی پی ایل کے جی ایم، کمشنر لاہور اور دیگر حکام کو بھی لاہور چیمبر میں مدعو کیا گیا تاکہ تاجر برادری کو درپیش مسائل پر بات چیت کی جا سکے۔ کاشف انور نے کہا کہ لاہور چیمبر نے ممبران اور عملے کو رعایتی نرخوں پر جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختلف ہسپتالوں، لیبز، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ لاہور چیمبر نے اچیومنٹ ایوارڈز، ایکسپورٹ ٹرافی، آئی ٹی ایوارڈز اور ایمبیسیڈرز ڈنر کا بھی کامیابی سے انعقاد کیا جبکہ سیرت النبی صلی اللہ الیہ وآل وسلم کانفرنس اور آسیان کانفرنس بھی منعقد کیں۔ ملک کی معاشی بحالی اور آئندہ سال کے لیے اپنے اہداف کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چارٹر آف اکانومی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے کیونکہ یہ معاشی چیلنجز کا واحد حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر محب وطن پاکستانی کو اپنا واجب الادا ٹیکس ادا کرنا چاہیے اور ٹیکس نیٹ میں آنا چاہیے۔ جب تک گرے اکانومی پر قابو نہیں پایا جاتا، معاشی اہداف حاصل کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ مستقبل قریب میں مہنگائی کی شرح، مارک اپ اور کاروبار کرنے کی زیادہ لاگت جیسے مسائل حل ہو جائیں گے۔ کاشف انور نے کہا کہ ہم برآمدات بڑھانا چاہتے ہیں لیکن ترجیح درآمدات میں کمی ہونی چاہیے اور یہ صنعت کاری اور درآمدی متبادل کے ذریعے ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم ڈی آئی فلکسڈ چارجز کا مسئلہ حل کیا جائے۔ ایسے خام مال پر ریگولیٹری ڈیوٹی اور کسٹم ڈیوٹی ختم کی جائے جو اس ملک میں تیار نہیں ہوتے۔ شرح سود 22 فیصد ہے۔ اگر یہ کم ہو جائے تو کاروباری لاگت کم ہو جائے گی۔ کاشف انور نے کہا کہ ایس ایم ایز کو فروغ دیا جائے۔ انہیں قرضوں تک آسان رسائی دی جائے۔ بینکوں سے کہا جائے کہ وہ قرضوں کی شرائط میں نرمی کریں۔ انہوں نے کہا کہ غیر اعلانیہ رقم کو ریگولیٹ کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ خسارے میں چلنے والے سرکاری اداروں کی نجکاری کی جائے اور سمندر پار پاکستانیوں کا اعتماد بحال کیا جائے۔

ایل سی سی آئی کے صدر نے حکومتی اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان بہترین فیصلوں کی وجہ سے ڈالر ریٹ میں نمایاں کمی آئی اور انٹربینک اور اوپن مارکیٹ کے مابین ڈالر ریٹ کا فرق بھی ختم ہوا۔ انہوں نے کہا کہ روپے کی قدر میں پھر کمی دیکھنے میں آرہی ہے جس پر فوری قابو پانا اور ڈالر کو دوسو روپے سے نیچے لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات کا حجم چار ارب ڈالر کم ہوا تھا۔ امید ہے کہ انٹربینک اور اوپن مارکیٹ ریٹ

میں فرق ختم ہونے کی وجہ سے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ دیکھنے میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے حکومت سے تعاون کرے گا۔ کاشف انور نے کہا کہ پالیسی سازی سے قبل سٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ لیا جائے۔ تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل ہونے کے فوائد بتائے جائیں۔ درآمد ہونے والے ضروری خام مال، کمپوننٹ اور مشینری جو ملک میں نہیں بنتی، پر ریگولیٹری ڈیوٹی، کسٹم ڈیوٹی اور ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی ختم کی جائیں۔

لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ زرمبادلہ کی قلت کی وجہ سے ایل سیز نہیں کھل رہی ہیں۔ بہت سی امپورٹ کنسائمنٹس پر ڈیمرج، ڈیٹینشن چارجز ان کی اپنی ویلیو سے بھی زیادہ ہوگئے ہیں جو ختم کیے جائیں تاکہ انڈسٹری کا پہیہ چل سکے۔ اس کے علاوہ کاروباری شعبہ کے لیے ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح کم کی جائے، زیرالتوا ریفنڈز اور متعدد بارآڈٹ کے مسائل بھی حل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی ریٹ بائیس فیصد سے نہ بڑھانا قابل تحسین لیکن اس میں کمی کی ضرورت ہے جس سے معاشی صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے صنعت سازی، درآمدات کے متبادل اور ویلیو ایڈیشن پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل کا قیام بہت اچھا قدم ہے، جس سے ڈیفنس، آئی ٹی، ایگریکلچر، مائنز اینڈ منرلز اور انرجی کے شعبوں میں دوست ممالک سے سرمایہ کاری کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلامک بینکنگ کو فروغ دینا خوش آئند ہے۔ انہوں نے ایران، افغانستان اور روس کے ساتھ بارٹر ٹریڈ کے فروغ کے لئے حکومتی اقدامات کو سراہا اور کہا کہ جن ممالک کے ساتھ باقاعدہ بینکنگ چینلز نہیں ان کے ساتھ بھی بارٹر ٹریڈ شروع کی جائے۔

انہوں نے کہا کہ ملک میں نئے آبی ذخائر اور ڈیمز خاص طور پر کالا باغ ڈیم بنانے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے، اس کے علاوہ سولر انرجی کو فروغ دیا جائے۔ خسارے میں چلنے والے سٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز کی تنظیم نو یا نجکاری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ہنرمند افرادی قوت پر توجہ دینا ہوگی جسے بیرون ملک بھیج کر کثیر زرمبادلہ کمایا جاسکتا ہے۔ ان سب اہم فیصلوں کیلئے عام انتخابات سے قبل تمام سیاسی جماعتوں کو ایک متفقہ چارٹر آف اکانومی مرتب کرنا چاہیے۔ لاہور چیمبر کو معرض وجود میں آئے سو سال ہوگئے ہیں اور یہ ملک کی معاشی بہتری میں کردار ادا کرنے کے لیے ہمیشہ کی طرح پرعزم ہے۔

☆☆☆☆

پاکستان کو بھارت میں ہاکی کھیلنے کی اجازت ہے، بھارتی وزیر اعلیٰ

بھارت اور پاکستان کی ہاکی فیڈریشنز کے درمیان تعلقات بہترین ہیں، بھگونت مان

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے کہا ہے کہ پاکستان کو آئندہ ماہ ہونے والی مردوں کی ایشین چیمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں شرکت کی اجازت مل گئی ہے۔ بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت نے بتایا کہ کھیلوں کی ٹورنامنٹس میں پاکستان کی شرکت کا کوئی مسئلہ نہیں، ممکن ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان انفرادی دوطرفہ سیریز نہ ہو سکے۔ بھگونت مان نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ پنجاب اپنی تاریخ میں پہلی بار ہونے والے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ بھارتی ہاکی کے سیکرٹری جنرل بھولا ناتھ سنگھ نے بتایا کہ بھارت اور پاکستان کی ہاکی فیڈریشنز کے درمیان تعلقات بہترین ہیں، انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے کھلاڑی بھی ایک دوسرے کا بھرپور احترام کرتے ہیں اور کھیل کے میدان میں باہمی احترام کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ ایشین چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے 5 نومبر تک کھیلی جائے گی جس میں بھارت، پاکستان، چین، جاپان، ملائیشیا اور کوریا کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ٹورنامنٹ کے لیگ مرحلے کے میچ جالندھر میں ہوں گے جبکہ سیمی فائنل اور فائنل موہالی کے ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ عمان اور بنگلہ دیش کو متبادل ٹیموں کے طور پر شامل کیا گیا ہے تاکہ کسی ٹیم کے دستبردار ہونے کی صورت میں انہیں شامل کیا جا سکے۔ بھارت دفاعی چیمپئن کے طور پر ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گا، اس نے 2023 میں چنئی اور 2024 میں ہولون بوئیر چین میں ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔

افغانستان اور بھارت کے مابین کھیلے جانے والے 20 میچ میں بھارتی بلے باز شاٹ کھیل رہا ہے

ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ، ارشد ندیم میڈل کی دوڑ سے ناکام

پہلی تھرو 74.42 میٹر دوسری تھرو ارشد ندیم نے 79.66 میٹر پھینکی تیسری تھرو 81.49 میٹر تھرو کی

فاسٹ بولر سلمان مرزا نے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون ٹورنامنٹ کھیلنے کی خواہش ظاہر کر دی

رضا اللہ کا فٹنس فارمیسی کا بہترین آل راؤنڈر بننے کا عزم

پاک بحریہ کے لیفٹیننٹ شہزادہ واسط نے بین الاقوامی ٹرائتھلون ایونٹ جیت لیا

پاکستان میں فیفا کے فٹ بال فار سکولز پروگرام کا باضابطہ آغاز

پہلا ٹی ٹوئنٹی، بھارتی ٹیم نے افغانستان کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی

ایمرجنگ کرکٹ سیریز اور ٹورنامنٹ کی کوریج کیلئے میڈیا ایکریڈیشن کا عمل شروع

سی پی ایل کے ایک میچ میں کھلاڑی زوردار شاٹ لگا رہا ہے

مبینہ آن لائن فراڈ نیٹ ورک

بی جے پی کا آئی ٹی سیل سماجی کے خلاف ٹرولنگ کرتا ہے، شتروگھن سنہا

اپوروا مکھیجا نے بھارت چھوڑ کر نیویارک منتقلی کی وجہ بتادی

شاہ رخ خان کے بنگلے منت میں 8 فٹ لمبا سانپ نکل آیا



طلاق کے بعد بھی سابق شوہر سے اچھے تعلقات، نازلی نصر نے وجہ بتادی

سنی دیول 56 کروڑ روپے کے قرض میں کیسے ڈوبے؟ اداکار نے حقیقت بتادی

بالی ووڈ اداکارہ کرتی کا وزن کم کرنے والی دوا کے استعمال کا انکشاف

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالدار ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور اطمینان اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

بجلی کی پیداوار اور ترسیل کے لیے

47 ارب ڈالر کے منصوبے کی منظوری

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے 2035 تک ملک کی بجلی پیداوار اور ترسیل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 47 ارب ڈالر کے ایک وسیع تر توسیعی منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ انڈیپنڈنٹ سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (آئی ایس ایم او) کی طرف سے انٹیگریٹڈ سسٹم پلان 2025-35 کے عنوان سے تیار کیا گیا یہ منصوبہ بظاہر پاکستان کے توانائی کے مستقبل کے حوالے سے ایک بڑی پیش رفت دکھائی دیتا ہے لیکن اس کی تفصیلات کا جائزہ لیں تو وہی پرانی کہانی دہرائی جاتی نظر آتی ہے یعنی بڑے سرمائے کے منصوبے، مہنگی بجلی اور سستے متبادل کو نظر انداز کرنے کی روش۔ نیپرا نے اس منصوبے کی منظوری کے ساتھ ہی 90 کروڑ ڈالر مالیت کے بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم (بی ای ایس ایس) کے منصوبے کو غیر ضروری قرار دے کر مسترد کر دیا اور ساتھ ہی یہ تشویشناک انکشاف بھی کیا کہ بجلی کی سب سے سستی قابل تجدید بجلی کو ایک سال سے زائد عرصے تک قومی منصوبہ بندی کا حصہ ہی نہیں بنایا گیا ...

سندھ طاس معاہدہ پر عالمی عدالت ثالث کا تاریخ ساز فیصلہ

شاہنواز سیال

جنگ کہیں بھی ہو، قیمت ہم بھی دیتے ہیں (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

نیشنل ایکشن پلان: پائیدار امن اور ریاست کا آہنی عزم

اسد اللہ غالب

دھرنوں سے لانگ مارچ تک۔۔۔

حامد طاہر ملک

گوگل پاکستان آگیا، ڈیجیٹل معیشت کے نئے دور کا آغاز

سید مجتبیٰ رضوان

یمن کی چنگاری اور وزیر اعظم کا ریلیف پیکیج

نازیہ مصطفےٰ

بدلتے سیاسی حالات

میاں حبیب

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

اطلاع گمشدگی

میرے موٹر سائیکل کے کاغذات نمبر MAL-8097 انجن نمبر DSE2361273 چیسس نمبر DSC3361707 بنام نعمت اللہ ولد حبیب اللہ کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر 0321-8076850 مطلع کریں۔

المشتہر: نعمت اللہ ولد حبیب اللہ

بقیہ 1

شفاف اور مسابقتی عمل کے نتیجے میں فوری اور پہلے سال کی مد میں مجموعی طور پر 36,591,901 روپے، یعنی 3 کروڑ 65 لاکھ 91 ہزار 901 روپے کی آمدن حاصل ہوئی۔ مسابقتی بولی کے دوران دونوں پارکس کے مقررہ بنیادی سالانہ نرخوں کے مقابلے میں نمایاں اضافہ بھی ریکارڈ کیا گیا، جس سے عوامی اثاثوں سے زیادہ سے زیادہ مالی منفعت حاصل کرنے کے امکانات واضح ہوئے ہیں۔ عبدالرزاق روحانی پارک سیٹلائٹ ٹاؤن کے لیے بنیادی سالانہ نرخ 80 لاکھ روپے مقرر کیا گیا تھا، تاہم شفاف اور مسابقتی بولی کے نتیجے میں حتمی سالانہ بولی 2 کروڑ 32 لاکھ روپے تک پہنچ گئی، جو بنیادی نرخ کے مقابلے میں 190 فیصد اضافہ ہے۔ پارک کا معاہدہ تین سال کی مدت کے لیے ہوگا جبکہ معاہدے کے تحت سالانہ 10 فیصد اضافے کے حساب سے تین سال کے دوران متوقع مجموعی آمدن تقریباً 7 کروڑ 67 لاکھ 92 ہزار روپے ہوگی۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں واقع زرغون پارک کے لیے بنیادی سالانہ نرخ 9 لاکھ 60 ہزار روپے مقرر تھا، تاہم شفاف مسابقتی بولی کے بعد حتمی سالانہ بولی 52 لاکھ روپے تک پہنچ گئی، جو بنیادی نرخ سے 441.67 فیصد زیادہ ہے۔ زرغون پارک کا معاہدہ 10 سال کے لیے ہوگا اور سالانہ 10 فیصد اضافے کے ساتھ معاہدے کی مکمل مدت کے دوران متوقع آمدن تقریباً 8 کروڑ 28 لاکھ 75 ہزار روپے بنتی ہے۔ اس طرح دونوں پبلک پارکس سے ان کے متعلقہ معاہدوں کی مدت کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 15 کروڑ 97 لاکھ روپے کی آمدن متوقع ہے۔ کیو ڈی اے نے تین ناکارہ قرار دی گئی سرکاری مشینری آئٹمز کی نیلامی کا عمل بھی کامیابی سے مکمل کیا، جس سے مجموعی طور پر 81 لاکھ 91 ہزار 901 روپے حاصل ہوئے۔ نیلام ہونے والی مشینری میں- کوماتسو گریڈر: 35 لاکھ 35 ہزار 1 روپے- ساکائی روڈ رولر: 17 لاکھ 25 ہزار روپے- نسان ٹرک: 29 لاکھ 31 ہزار 900 روپے شامل ہیں۔ کیو ڈی اے کے مطابق بولی اور نیلامی کے عمل میں شفافیت، غیر جانب داری، منصفانہ مسابقت اور عوامی اعتماد کو یقینی بنانے کے لیے مختلف متعلقہ اداروں کے نمائندگان کو خصوصی طور پر کارروائی کا مشاہدہ کرنے کے لیے مدعو کیا گیا۔ اس موقع پر نیب بلوچستان، محکمہ انسداد بدعنوانی، ایف آئی اے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، کوئٹہ کینٹونمنٹ اور کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے نمائندگان نے بطور مبصرین بولی اور نیلامی کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ کیو ڈی اے کے مطابق شفاف اور کھلے مسابقتی طریقہ کار کے ذریعے حاصل ہونے والا یہ نتیجہ ادارے کے اس پختہ عزم کا عملی مظہر ہے کہ سرکاری و عوامی اثاثوں کو میرٹ، شفافیت، منصفانہ مسابقت، جوابدہی اور موثر و پیداواری استعمال کے اصولوں کے مطابق بروئے کار لایا جائے۔ کیو ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ عوامی اثاثوں کے شفاف انتظام، ادارہ جاتی جوابدہی اور مالی وسائل کے بہتر استعمال کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 2

باعث ان اسامیوں کو غیر ضروری قرار دے کر ختم کیا گیا ہے۔ اسامیوں کی اس تنظیم نو کا بنیادی مقصد محکمے کے انتظامی و مالیاتی ڈھانچے کو وقت کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ غیر ضروری اسامیوں کو برقرار رکھنے کی صورت میں تنخواہوں، پنشن اور دیگر مراعات کی مد میں قومی خزانے پر طویل مدتی مالی بوجھ مزید بڑھ سکتا تھا۔ تاہم واضح کیا گیا ہے کہ 30 سالہ سروس مکمل کرنے والے ملازمین اپنے مکمل ریٹائرمنٹ فوائد کے حقدار ہوں گے، اور تمام ملازمین کے قانونی حقوق اور واجبات کو متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل طور پر یقینی بنایا جائے گا۔ حکومت کا یہ اقدام غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے اور سرکاری وسائل کا بہتر اور موثر استعمال یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس کے تحت سی اینڈ ڈبلیو کو جدید مشینری اور تکنیکی ضروریات کے مطابق منظم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 3

کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ملک میں چینی کے موجودہ ذخائر اور متعلقہ اعداد و شمار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس کے بعد 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ چینی برآمد کرنے کا فیصلہ ملکی ضروریات اور دستیاب ذخائر کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوگر شعبے میں کسانوں اور صنعت کے مفادات کے درمیان توازن برقرار رکھنا ضروری ہے۔ رانا تنویر حسین نے شوگر مل مالکان کو ہدایت کی کہ کسانوں کو گنے کی بروقت ادائیگیاں یقینی بنائی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کسانوں کے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور شوگر شعبے میں کسانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 4

کے کھیت سے خربوزے لوڈ کرنے کی غرض سے آئے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار افراد نے پانچوں افراد کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے راستوں کے ناکہ بندی کر کے تلاش شروع کردی پولیس نے بتایا کہ پانچوں مغویوں کا تعلق پنجاب کے ضلع ڈیرہ غازی خان سے ہیں۔

بقیہ 5

کہ سردار اختر جان مینگل کی موجودہ سیاسی طرز عمل میں تضادات نمایاں ہیں اور ان کی جانب سے کیے جانے والے سیاسی بیانات کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اختر مینگل کی سیاسی سرگرمیوں اور بیانات میں انوار الحق کاکڑ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ذکر نمایاں رہتا ہے، جس سے محسوس ہوتا ہے کہ ان کی تمام سیاسی گفتگو انہی شخصیات کے گرد گھوم رہی ہے۔ انوار الحق کاکڑ نے مزید کہا کہ ماضی میں جنرل قمر جاوید باجوہ کی مدت ملازمت میں توسیع کے لیے ووٹ دینے والے آج خود کو انقلابی قوتوں کے طور پر پیش کر رہے ہیں، جو ایک واضح سیاسی تضاد ہے۔ سابق نگران وزیر اعظم نے کہا کہ سیاست میں اصول اور موقف کی مستقل مزاجی بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم بعض سیاسی رہنما اپنے ماضی کے فیصلوں اور

موجودہ بیانیے میں واضح فرق نظر آتا ہے۔

بقیہ 6

تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، فنڈز کی فراہمی، درپیش رکاوٹوں اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کمشنر ذیشان لاشاری نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج ایک اہم ترقیاتی منصوبہ ہے، جس کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی اور کوئٹہ کو ایک جدید اور بہتر شہر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی کو ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری اور نئے تمام ترقیاتی منصوبوں کی گوگل میپ کے ذریعے واضح نشاندہی پیش کی جائے تاکہ ہر منصوبے کی موجودہ صورتحال، محل وقوع اور کام کی پیشرفت کا موثر انداز میں جائزہ لیا جا سکے۔ کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے خصوصی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ باچا چوک سے اکرم ہسپتال تک زرغون روڈ کی تعمیر کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کیا جائے

بقیہ 7

2026 کی اختتامی تقریب میں بطور چیف گیسٹ خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل کے میدان نوجوانوں میں خود اعتمادی، نظم و ضبط، برداشت اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بیٹیاں کھیل کے میدان میں کامیابیاں حاصل کر کے بلوچستان کی ایک مثبت اور روشن تصویر دنیا کے سامنے پیش کر رہی ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین اور بچیوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کے تحفظ، تعلیم، صحت، خود اعتمادی اور معاشرے میں باوقار و فعال کردار کے لیے موثر اقدامات کر رہا ہے۔ خواتین اور بچیوں کو کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 8

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے بنیادی حقوق، جمہوریت، روزگار، تعلیم، صحت اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے، بلوچستان میں بھی عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ صوبائی حکومت خصوصاً وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے مختلف شعبوں میں اقدامات جاری ہیں۔ حکومت کی ترجیحات میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، تعلیم، صحت، آبنوشی اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل شامل ہے، جس کے مثبت اثرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ جمہوری قوتوں کا ساتھ دیا ہے اور پیپلز پارٹی بھی عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کرے گی۔ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت اور منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 9

کرنے سے معیشت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں وزیر اعظم کے ماہرین ٹیم کے ساتھ ملک کی معیشت بہتری کی دعوے جھوٹ کی پلندے ثابت ہوئے۔ امپورٹڈ حکومت نے مہنگائی سے سامراجی معاشی اداروں کی غلامی میں فرمانبرداری کا حق ادا کیا سامراجی اداروں نے امپورٹڈ حکومت ملک و قوم کی تباہی کے لیے مسلط کیا گیا انہوں نے کہا کہ نااہل حکمران اپنی عیاشیوں میں کوئی کمی نہیں لاتے اور عوام پر آئے روز مہنگائی کی بوجھ بڑھائے جا رہے ہیں ملک میں انڈسٹری تباہ، مہنگائی اور بیروزگاری بڑھ رہی ہے قوم میں مزید مہنگائی بیروزگاری اور بے تحاشا ٹیکسوں کی سکت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ سے عوام کی رہی سہی معاشی سانسیں بھی رک جائے گی پیٹرولیم مصنوعات پر بے تحاشہ لیوی، مختلف ٹیکسز میں اضافے سے عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے۔ حکومت میں آزادنہ اور خود مختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہا اور معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا اربوں ٹیکسز وصول ہونے کی باوجود ملک قرضوں کے مزید بوجھ تلے دبتا چلا جا رہا ہے اور عوام مہنگائی کی چکی میں دن بدن پستے جا رہے ہیں۔

بقیہ 10

ہے۔ سیاسی جماعتوں کو ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ جمہوریت عوام کی رائے، بنیادی حقوق اور مساوی مواقع کے احترام کا نام ہے جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے آئین، قانون اور اداروں کا احترام ناگزیر ہے، جمہوریت کی اصل طاقت عوام کی شمولیت اور ان کے اعتماد میں ہے ہر شہری کو اپنی رائے کے اظہار اور قومی معاملات میں بھرپور حصہ لینے کا حق حاصل ہے اختلاف رائے کا احترام اور مکالمے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا جمہوریت کی بنیادی روح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا، آئین کی بالادستی یقینی بنانا اور عوامی حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے سیاسی جماعتوں کو بھی چاہیے کہ وہ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی و خوشحالی اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے حکومت کا ساتھ دیں۔

بقیہ 11

آگے بڑھا کر عوامی فلاح، روزگار اور مقامی معاشی ترقی سے منسلک کرنے کی عکاسی کرتی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سی پیک کا جغرافیائی اور تزویراتی مرکز ہے۔ گوادر پورٹ، قومی شاہراہوں، توانائی اور دیگر اہم منصوبوں کی موجودگی نے صوبے کو غیر معمولی معاشی اہمیت دی ہے، تاہم سی پیک کی حقیقی کامیابی اسی وقت ممکن ہوگی جب اس کے فوائد عام شہریوں، نوجوانوں، ماہی گیروں، کسانوں اور مقامی کاروباری طبقے تک پہنچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کو چین کے ساتھ عملی تعاون مزید تیز کرتے ہوئے پینے کے صاف پانی، شمسی توانائی، بنیادی صحت، تعلیم، فنی تربیت، ماہی گیری، زراعت، لائیو اسٹاک اور مقامی رابطہ سڑکوں کے منصوبوں کو ترجیح دینی چاہیے۔ ایسے منصوبے کم مدت اور نسبتاً محدود لاگت میں مکمل کر کے مقامی آبادی کی

بقیہ 44

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) بیرنائی شعیب اکرم مینگل نے کی سیمینار میں ضلاعی انتظامیہ، طبی ماہرین اور مختلف فلاحی تنظیموں کے نمائندوں نے

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Project Director, Improvement & Development of Infrastructure of Buleda Town (Phase-I&II) P&D Department, invites bids from Eligible Bidders for execute on of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates :- **Tender Fee 2000 PKR for each work**

S.#	Name of Work	Estimated Cost	TSE NO.
	IMPROVEMENT & DEVELOPMENT OF INFRASTRUCTURE OF BULEDA TOWN PHASE-III		
1-	CONSTRUCTION OF AUDITORIUM AT SHAHEED AYUB BULEDAI MODEL SCHOOL BULEDA	126,164,956/-	TSE-2627091193013
2-	CONSTRUCTION OF COMMERCIAL MARKET	152,630,755/-	TSE-2627091193423
3-	CONSTRUCTION OF FUTSAAL GROUND AT SHAHEED AYUB BULEDAI MODEL SCHOOL BULEDA	36,377,426/-	TSE-2627091193023
4-	LANDSCAPING OF HOSPITAL AND SCHOOL FRONT	37,279,566/-	TSE-2627091193673
5-	CONSTRUCTION OF MEHNAZ ROUNDABOUT WITH RCC DRAINAGE SYSTEM	136,179,999/-	TSE-2627091193473
6-	CONSTRUCTION OF MISSING FACILITIES OF SHAHEED AYOUB BULEDI INTER COLLEGE BULEDA	63,638,090/-	TSE-2627091193513
7-	CONSTRUCTION/ EXTENTION OF PARK	73,274,609/-	TSE-2627091193403
8-	CONSTRUCTION OF PARKING SHADES, STREET LIGHTS, AND CHILDREN'S RECREATIONAL PLAY AREA AT SHAHEED AYUB BULEDAI MODEL SCHOOL BULEDA	139,544,372/-	TSE-2627091193193
9-	CONSTRUCTION OF REST HOUSE	111,462,696/-	TSE-2627091193233
10-	CONSTRUCTION OF TEACHER HOSTEL FEMALE AT SHAHEED AYUB BULEDAI MODEL SCHOOL BULEDA	92,103,929/-	TSE-2627091193003
11-	CONSTRUCTION OF TEACHER HOSTEL MALE AT SHAHEED AYUB BULEDAI MODEL SCHOOL BULEDA	92,103,929/-	TSE-2627091192983

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.**Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work. Turn over of 70% of Estimated Cost (Each Work) in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm.Tender fee in shape of green challan form, for an amount of Rs. 2000/- (Non-Refundable) deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury/National Bank of Pakistan. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by **05th October, 2026** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System Address:** OFFICE OF THE PROJECT DIRECTOR IMPROVEMENT AND DEVELOPMENT OF INFRASTRUCTURE OF BULEDA TOWN AT AGRICULTURE COLONY TURBAT **Phone No. :-** 03333097833 **Email:** behramcnd@gmail.com

Project Director
Improvement and Development of Infrastructure of Buleda Town (P I&II)
P&D Department

DAB/AB No.333/15-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

القصیم میں دہشت گردی کے جرائم میں ملوث پاکستانی شہری کی سزائے موت پر عملدرآمد کردیا گیا، سعودی وزارت داخلہ کے مطابق منگل کے روز علاقے القصیم میں پاکستانی شہری سلیمان امجد کو سزائے موت دی گئی، سلیمان امجد نے دہشت گردانہ نظریات سے متاثر ہوکر جان بوجھ کر ایک غیر ملکی شہری کو قتل کیا اس کے علاوہ اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد ہوا اور مزید افراد کو قتل کرنے کی منصوبہ بندی بھی کی گئی۔ سیکیورٹی اداروں نے ملزم کو گرفتار کیا، جبکہ تحقیقات کے بعد اس کے خلاف مذکورہ جرائم کے ارتکاب کا الزام ثابت ہوا۔ کیس متعلقہ عدالت میں پیش کیا گیا جہاں اسے تعزیری طور پر سزائے موت سنائی گئی۔ وزارت داخلہ کے مطابق عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیل اور پھر سپریم کورٹ سے توثیق کے بعد فیصلہ حتمی ہوگیا، جس کے بعد شاہی فرمان کے تحت سزا پر عملدرآمد کیا گیا، سعودی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت مملکت میں امن وامان کے قیام، انصاف کی فراہمی اور شریعت کے احکامات پر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہے۔ وزارت نے خبردار کیا کہ بے گناہ افراد کی جان وسلامتی کو نقصان پہنچانے والوں کو شرعی سزا کا سامنا کرنا ہوگا۔

بقیہ 2

عدالت لے جاکر ملک میں بحران پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سہیل آفریدی کے ساتھ پنجاب پولیس کے رویے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ منگل کو پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے علاج اور ہسپتال منتقلی بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے اس سے آئینی عدالت فیک اپ نہیں کرسکتی ہے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں رٹ تحریک انصاف نے ظاہر کی تھی اب یہ معاملہ آئینی عدالت میں لے جاکر ملک میں آئینی بحران پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم اسی لیے کی گئی تھی تاکہ سپریم کورٹ کو کمزور کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں سہیل آفریدی کے ساتھ پنجاب پولیس نے ناروا سلوک کیا جس پر ہم احتجاج کرتے ہیں وہ وزیراعلیٰ ہے اور عوام کا نمائندہ ہے اس کے ساتھ ایسا سلوک قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں عوام نے بھرپور استقبال کیا اور سٹریٹ موومنٹ آگے بڑھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کا دورہ لاہور کامیاب ثابت ہوا عوام نے بھرپور رسپانس دیا اور یہ ثابت ہوا کہ پنجاب کے عوام پی ٹی آئی کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی وزیراعلیٰ ہے کوئی تھوخیرا نہیں تھا کہ اس کے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا جو لاہور میں پنجاب پولیس نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں اور اقدامات سے جمہوریت کو نقصان پہنچ سکتا ہے، جمہوری روایات کا احترام کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 3

شامل ہیں، قتل کردیے گئے ہیں، حماس نے بھی اس کی تصدیق کردی ہے۔ ٹائمز آف اسرائیل کے مطابق اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس کی فورسز اور اسرائیل کی داخلی سکیورٹی ایجنسی شین بیت نے حالیہ ہفتوں کے دوران غزہ کی پٹی میں اپنی انسداد دہشت گردی کارروائیوں میں شدت پیدا کی ہے۔ حماس کے جس کمانڈر کو نشانہ بنانے کا اسرائیل نے دعویٰ کیا گیا ہے وہ احمد العطش ہیں، جو ابو اسامہ کے نام سے بھی جانے جاتے تھے، حماس کے خبر رساں ذرائع نے بھی ان کی شہادت کی تصدیق کی ہے۔ پاسداران انقلاب کے قریب سمجھی جانے والی ایرانی خبر رساں ایجنسی فارس نے رپورٹ کیا کہ احمد العطش عزالدین القسام بریگیڈز کے کمانڈروں میں شامل تھے اور اسرائیلی فضائی حملے میں شہید ہوئے۔

بقیہ 4

تمام مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سے جرمن کمشنر برائے مذہبی آزادی تھامس رنگیل نے ملاقات کی۔ پاکستان میں جرمنی کی سفیر اینا لیپل بھی ملاقات میں شریک تھیں۔ ملاقات میں پاک جرمن تعلقات، مذہبی آزادی، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور اقلیتوں کے حقوق کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور تمام مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب کے پیروکاروں اور اقلیتوں کے حقوق آئین کے تحت محفوظ ہیں اور حکومت ان کے مذہبی، سماجی اور معاشرتی حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز اور مذہب مخالف مواد کی روک تھام کے لیے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی میں خصوصی سیل قائم کیا گیا ہے، جو مذہبی منافرت کے تدارک اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کام کررہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی غیر مسلم آبادی کے اہم مذہبی تہوار سرکاری سطح پر منائے جاتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور ملک بھر میں بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے سیمینارز، کانفرنسوں اور دیگر تقریبات کا انعقاد بھی کررہی ہے، جن کا مقصد مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور مکالمے کی فضا کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت کی جانب سے غیر مسلم نادار افراد کی مالی معاونت اور مستحق طلبہ کے لیے تعلیمی وظائف بھی فراہم کیے جارہے ہیں۔ غیر مسلم یتیم بچیوں کو شادی گرانٹ مہیا کی جاتی ہے، جبکہ غیر مسلم عبادت گاہوں کی مرمت اور بحالی کے لیے بھی خصوصی فنڈ مختص ہے۔ جرمن کمشنر برائے مذہبی آزادی تھامس رنگیل نے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزارت کا نام اور کام دونوں منفرد اور لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے فروغ کے لیے مذاہب کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور مسلسل مکالمہ ناگزیر ہے۔ تھامس رنگیل نے مذہبی آزادی، بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان باہمی احترام اور افہام وتفہیم کو فروغ دے کر عالمی سطح پر امن اور ہم آہنگی کے مقاصد حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ملاقات کے دوران مذہبی آزادی، رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مذاہب کے درمیان مکالمے اور باہمی احترام کو فروغ دے کر معاشروں میں امن، برداشت اور ہم آہنگی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 5

29 طلبا جھلس کر ہلاک ہوگئے۔ مقامی حکام کا کہنا ہے کہ آگ پہلے ایک گھر میں لگی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کرلی اور قریبی دو سکولوں سمیت دیگر گھروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آتشزدگی کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا، جبکہ 29 طلبا کی جانیں بھی ضائع ہوگئیں، ہلاک شدگان میں 19 لڑکیاں اور 10 لڑکے شامل ہیں۔ حکام کے مطابق بچوں کی تدفین کردی گئی، تدفین کے موقع پر علاقے میں ہر طرف غم اور سوگ کی کیفیت رہی، جبکہ بچوں کے والدین شدت غم سے نڈھال دکھائی دیے۔ مقامی حکام کی جانب سے آتشزدگی کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 6

میں سب سے زیادہ پنجاب میں واقعات ہوئے ہیں۔ منگل کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اجلاس چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام اور گوجرانوالہ میں سینیٹری ورکر ذیشان کی آدھی تنخواہ ملنے پر خودکشی کے معاملے کو تفصیل سے زیر غور لایا گیا۔ مرحوم ذیشان کے ورثا اور ستھرا پنجاب کے حکام کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب نے کمیٹی کو بتایا کہ مزدور کی وفات کی صورت میں تنخواہ سمیت فیملی کو الاؤنس بھی ملتا ہے۔ تاہم چیئرپرسن ثمینہ ممتاز زہری نے ستھرا پنجاب حکام کی سخت سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ دو اجلاسوں میں آپ نے بتایا تھا کہ اس مزدور کو نکال دیا گیا تھا۔ ان کی تنخواہ انہیں دے دی تھی اور نوکری سے نکالنے کا لیٹر بھی کمیٹی میں جمع کروایا تھا۔ آپ کا بیان ہی ٹھیک نہیں ہے۔ آپ سیدھی بات بتائیں کہ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ میں کیا کررہا تھا۔ کمیٹی کو مرحوم ذیشان کے بھائی نے بتایا کہ میرے بھائی کو شروع سے انیس ہزار روپے ادا کیے جارہے تھے جبکہ ان کی تنخواہ چالیس ہزار طے تھی۔ بھائی نے چیمبر آف کامرس کے ڈی سی سے رو رو کر کہا تھا کہ میری تنخواہ چالیس ہزار ہے لیکن مجھے انیس ہزار دے رہے ہیں۔ اس کے بعد میرے بھائی کا ٹرانسفر کردیا گیا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ محکمہ نے پلاٹ کے سارے پیسے ہمیں نہیں دیے۔ چیئرپرسن ثمینہ ممتاز زہری نے کمپنی حکام کے رویے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں میں نے بار بار کہا ہے غلط بیانی نہ کریں۔ آئندہ اجلاس سے پہلے تمام رقم ورثا کو ادا کریں۔ کمپنی حکام نے دعویٰ کیا کہ ذیشان بھی ہماری کمپنی میں ملازم نہیں رہا، جس پر چیئرپرسن نے استفسار کیا کہ اگر ذیشان آپ کی کمپنی میں ملازم نہیں رہا تو آپ نے ٹرمینیشن لیٹر کیوں جاری کیا۔ ذیشان کے بھائی نے مزید بتایا کہ میرے بھائی نے 8 جون کو ویڈیو بنائی تھی جس میں کہا تھا کہ میں تنخواہ لینے جاؤں گا، نہ ملی تو خود کو آگ لگادوں گا۔ چیئرپرسن نے پوچھا کہ آپ نے انہیں نہیں روکا جب انہوں نے آگ لگائی، بھائی نے جواب دیا کہ میں اسلام آباد آیا تھا۔ چیئرپرسن نے ہدایت کی کہ اگر متاثرہ فیملی کو کوئی ہراساں کرے تو کمیٹی کو بتایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بندے نے تنخواہ نہ ملنے پر خود کو آگ لگائی، کون اس کی ذمہ داری لے گا۔ کمیٹی نے ذیشان خودکشی کے معاملے میں آئندہ اجلاس میں ڈی سی اور متعلقہ پولیس حکام کو طلب کرلیا۔ ستھرا پنجاب کے ڈی جی سے ذیشان کی تمام ادائیگیوں سمیت متعلقہ ریکارڈ طلب کرلیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ تمام ریکارڈ آئندہ اجلاس سے پہلے جمع کروایا جائے۔ ڈی جی ستھرا پنجاب اور گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او کمیٹی کو مطمئن نہ کرسکے۔ اجلاس میں بچوں پر تشدد اور جرائم کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ وزارت انسانی حقوق کے حکام نے بتایا کہ رواں سال پورے پاکستان میں بچوں پر تشدد اور جرائم کے خلاف 17 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے۔ پنجاب میں 12 ہزار سے زائد، سندھ میں تین ہزار، خیبر پختونخوا میں 300 سے زائد اور بلوچستان میں سو کیسز رپورٹ ہوئے۔ خیبر پختونخوا پولیس حکام نے بتایا کہ ان جرائم میں 600 سے زائد ملزمان ملوث تھے جن میں سے 570 کو گرفتار کرلیا گیا۔ اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی ہوتی ہے۔ سزاؤں کی شرح صرف سات فیصد ہے جبکہ پنجاب میں یہ شرح 14 فیصد ہے۔ کئی کیسز میں گواہان اور شواہد پورے نہیں ہوتے، اس لیے سزاؤں کی شرح بڑھانے کے لیے کمیٹی بنائی گئی ہے۔ سینیٹر ایمل ولی نے راولپنڈی کے ایک نجی سکول میں بچی کو ہراساں کرنے کے معاملے پر سکول انتظامیہ کے خلاف کارروائی اور سکول بند کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سکول بھاری بھرکم فیس لیتے ہیں لیکن بچوں کے لیے محفوظ نہیں۔ ڈارک ویب کے بچوں پر منفی اثرات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ سینیٹر ایمل ولی نے خیبر پختونخوا میں دو خواتین سے ریپ کرنے والے چار ملزمان کو مارنے کے پولیس اقدام کو درست قرار دیا جس پر چیئرپرسن ثمینہ ممتاز زہری نے بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 7

عالمی یوم جمہوریت 15 ستمبر منگل کو منایا گیا اس دن کے منانے کا مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور جمہوریت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس سلسلے میں ملک بھر میں سیاسی وسماجی جماعتوں اور تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے ملکی ترقی میں جمہوریت کے کردار اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2007ء میں جمہوریت کے عالمی دن کے منانے کا اعلان کیا 15 ستمبر 2008ء کو دنیا بھر میں پہلی مرتبہ جمہوریت کا عالمی دن منایا گیا تھا۔

بقیہ 8

سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں صوبے کے مجموعی سیاسی حالات، امن وامان کی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاق اور صوبے کے مابین باہمی ہم آہنگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کی پائیدار ترقی اور صوبے کے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ بھی خصوصی طور پر موجود تھے۔

بقیہ 9

نے یہی سبق دیا ہے کہ سیاسی قیادت کی اصل عظمت اقتدار کی بجائے عوام کے اعتماد، اور خدمت میں پوشیدہ ہے۔ ہم وہ لوگ ہیں جو عوام کی خوشی کو اپنی خوشی سمجھتے ہیں اور ان کے دکھ کو اپنا دکھ محسوس کرتے ہیں۔ میری سیاست کا محور ہمیشہ عوامی خدمت رہی ہے۔ سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کے حصول کا ذریعہ بنانے کے بجائے اسے انسانوں کی زندگی بہتر بنانے، نئی نسل کو مواقع فراہم کرنے اور معاشرے کی تعمیر کا وسیلہ بنانے پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز کررکھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ یہ بات میرے باعث اطمینان ہے کہ اپنی سیاسی زندگی میں تعلیم، صحت اور عوامی فلاح و بہبود کے شعبوں میں میرے ہاتھوں سے ایسے متعدد تاریخی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچے جن سے آج مختلف اضلاع کے لاکھوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ میرے نزدیک کسی منصوبے کی اصل کامیابی اس کی عمارت نہیں بلکہ اس سے پیدا ہونے والا انسانی فوائد ہیں۔ میری سب سے بڑی خواہش یہ ہے کہ ان تناور درختوں کا سایہ اور ان کے ثمرات ہماری آنے والی کئی نسلوں تک پہنچتے رہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ تعلیم میری سب سے بڑی ترجیح اور میرے سیاسی وژن کا بنیادی ستون ہے کیونکہ سڑکیں، عمارتیں اور پل معاشرے کو سہولت دے سکتے ہیں مگر تعلیم انسان کی تقدیر بدلنے کی طاقت دیتی ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں جن درجنوں تعلیمی اداروں کی بنیاد رکھی ہیں وہ آج وقت کے ساتھ تناور درخت بن چکے ہیں۔ ان اداروں سے نکلنے والے ہزاروں طلبہ و طالبات صرف اپنے خاندانوں کا مستقبل نہیں سنوار رہے بلکہ ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ ایک سکول کی بنیاد دراصل ایک نسل کی بنیاد ہوتی ہے، ایک کالج مستقبل کے ہزاروں خوابوں کی تعمیر ہوتی ہے اور ایک یونیورسٹی پوری نسلوں کے فکری مستقبل کو تشکیل دیتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ... آنے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں کے لیے انسانی صلاحیتیں تعمیر کرنی ہوگی اور ہم نے ... کرنے ہیں جو بلوچستان کو علمی ترقی اور ... کی طرف لے جاسکیں۔

بقیہ 10

...وں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ... ہدایات کے تحت کیے جانے والے ... کی بدولت متعلقہ ادارے اس مون سون ... موثر نگرانی اور بہتر انداز میں تیاری کر ... ملک بھر میں کسی بھی ہنگامی صورتحال ... کے لیے تمام ادارے ریسکیو اور ریلیف ... طور پر تیار ہیں۔ وزیراعظم شہباز ... اس موقع پر ہدایت کی کہ بارشوں سے ... عوام کو فوری اور ہر ممکن امداد کی ... لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار ... انہوں نے زور دیا کہ برسات کے ... سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی کو ... اور امدادی سامان کی بلاتعطل ترسیل ... متعلقہ محکموں کے ساتھ قریبی رابطے ... وزیراعظم نے این ڈی ایم اے کو ... اداروں کے ساتھ مسلسل اور موثر رابطہ ... رکھنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 11

...ٹر سید علی اسد گیلانی سے گفتگو کرتے ... انہوں نے ایوان صدر میں ان سے ... اس موقع پر سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی ... صدر مملکت نے کہا کہ چین کے ساتھ ... پاکستان کی خارجہ پالیسی کا سب سے اہم ... انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ... خیرسگالی کو مزید اقتصادی اور صنعتی ... تبدیل کرنے پر زور دیا۔ صدر مملکت نے سی پیک 2.0 کے تحت بزنس ٹو بزنس تعاون پر توجہ کا خیر مقدم اور بالخصوص نوجوانوں کے لیے ہنر مندی کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے جدید زراعت، مصنوعی ذہانت اور نئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے نامزد سفیر کو چینی حکومتی اداروں، کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی قیادت، تھنک ٹینکس، تعلیمی اداروں اور میڈیا کے ساتھ فعال روابط برقرار رکھنے اور عوامی سطح پر تعلقات کو فروغ دینے کی ہدایت کی جن میں طلبہ کے تبادلے بھی شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ آئندہ سال ایس سی او سربراہی اجلاس کے لیے صدر شی جن پنگ کے دورہ پاکستان کے منتظر ہیں۔

بقیہ 12

چیف جسٹس امین الدین خان نے نئے عدالتی سال کی تقریب سے خطاب میں کہا ہے کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ آئین کی پاسداری سے ہی معاشرے میں استحکام ممکن ہے، آئین میں اختیارات اور حدود کا واضح تعین کیا گیا ہے۔ منگل کو وفاقی آئینی عدالت میں عدالتی سال 2026-27 کے آغاز پر چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ نئے عدالتی سال کا آغاز انصاف کی فراہمی کے عزم کی تجدید کا دن ہے، وفاقی آئینی عدالت آئینی معاملات پر ذمہ داریاں بخوبی نبھارہی ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہرصورت مقدم رکھا جانا چاہئے، آئین کی پاسداری سے ہی معاشرے میں استحکام ممکن ہے، آئین میں اختیارات اور حدود کا واضح تعین کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی امور میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ضروری ہے، وفاقی آئینی عدالت نے مختصر عرصے میں کئی اہم مقدمات کے فیصلے سنائے، ٹیکنالوجی کا استعمال ادارہ جاتی استعداد اور شفافیت بڑھاتا ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ انصاف تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، بلا تفریق آئینی انصاف ہماری بنیادی ترجیح ہونی چاہیے۔ جبکہ وفاقی آئینی عدالت میں نئے عدالتی سال کی تقریب کے موقع پر وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل مسعود چشتی نے خطاب کیا۔ وائس چیئرمین نے کہا کہ چیف جسٹس امین الدین خان نے بطور وفاقی عدالت سربراہ بہترین ذمہ داریاں سرانجام دی ہیں۔ وفاقی عدالت کے ادارہ جاتی ڈھانچے کی تشکیل ایک بڑا چیلنج ہوتی ہے تاہم وفاقی عدالت نے اپنی آئینی ذمہ داریوں کو سنجیدگی، توازن اور آئینی بصیرت سے سرانجام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی عدالت مستقبل میں پاکستان کے آئینی و قانونی نظام کے لیے رہنما اصول کا درجہ حاصل کرے گی۔ امید ہے کہ آئینی عدالت کا سفر آئین کی بالادستی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی سمت میں آگے بڑھتا رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی عدالت سائلین کو جلد ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کرے۔

بقیہ 13

ہے۔ سمارٹ پٹرولیم لاک ڈاؤن کا مقصد پٹرولیم مصنوعات کی کھپت کم کرنا اور ایندھن کی بچت یقینی بنانا حکومت کا مشن ہے۔ ذرائع کے مطابق تین روزہ لاک ڈاؤن کے باعث ہفتے میں چار دن معمول کے مطابق کاروباری وسرکاری سرگرمیاں جاری رکھنے کی تجویز ہے جبکہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو غیر ضروری نقل وحرکت محدود کرنے کے مختلف آپشنز زیر غور ہیں۔ ذرائع کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی طلب میں کمی اور قومی سطح پر ایندھن کے تحفظ کے لیے سمارٹ لاک ڈاؤن پر مشاورت جاری ہے اور عالمی حالات کے تناظر میں توانائی کے ممکنہ دباؤ سے نمٹنے کے لیے حکومت سے ہنگامی حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سمارٹ پٹرولیم لاک ڈاؤن سے سرکاری، کاروباری اور عوامی سرگرمیوں پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ حکومتی تجویز پر حتمی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کی جائے گی، وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے رپورٹ کی روشنی میں اہم اعلان متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق تین روزہ تعطیلات کے فیصلے سے قبل متعلقہ وزارتوں اور اداروں سے تجاویز طلب کی جائیں گی، حکومت کی پٹرول کی بچت، غیر ضروری سفر میں کمی اور توانائی کے استعمال کو محدود کرنے پر توجہ مرکوز ہے۔ سمارٹ پٹرولیم لاک ڈاؤن کی حتمی مدت، طریقہ کار اور اطلاق سے متعلق فیصلہ وزیراعظم کی منظوری کے بعد ہوگا۔

بقیہ 14

فرسٹ سیکرٹری عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا کہ بھارت کے سرحد پار دہشت گردی کے دعوے حقائق کے منافی ہیں۔ انہوں نے بھارتی شہری اور حاضر سروس نیول افسر کلبھوشن جادھو کی پاکستان میں گرفتاری کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ جاسوسی اور دہشت گردی کے الزامات میں گرفتار ہوا، جبکہ بھارتی ایجنٹ بیرون ملک بھی بین الاقوامی جرائم میں ملوث پائے گئے ہیں۔ عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کسی ریاست کو اپنی مرضی کے مطابق منتخب کرنے کا اختیار نہیں دیتا بلکہ تمام ریاستیں اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرنے کی پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقل ثالثی عدالت واضح کرچکی ہے کہ سندھ طاس معاہدہ بدستور مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور بھارت معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کا پابند ہے۔ پاکستانی نمائندے نے واضح کیا کہ بھارت خود کو خطے کی طاقتور ریاست سمجھ سکتا ہے، تاہم اسے سندھ طاس معاہدے سے دستبرداری یا اس کی خلاف ورزی کے لیے طاقت کے استعمال کا اختیار حاصل نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری طاقت یا مرضی کا معاملہ نہیں بلکہ بین الاقوامی قانون کے تحت ریاستوں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 15

میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور داخلی سلامتی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفود کی سطح پر بھی مذاکرات کیے گئے، جن میں سیکیورٹی تعاون، دہشت گردی، منشیات کی سمگلنگ، غیر قانونی امیگریشن، منی لانڈرنگ اور سائبر کرائمز کی روک تھام کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دہشت گردوں اور ڈرگ مافیا کی سرکوبی کے لیے موثر انٹیلی جنس شیئرنگ پر اتفاق کیا۔ دونوں وزارت داخلہ کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے جلد ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ انسداد منشیات کے شعبے میں پہلے سے موجود ایم او یو پر مکمل عملدرآمد کی ہدایت دی گئی۔

بقیہ 16

اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہورہا، 100 روپے کے ریلیف سے کچھ سہولت ملے گی۔ حکومت عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے، اسی لیے وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں سب سے پہلے غریب طبقے کو ریلیف دینے کو ترجیح دی ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہورہا ہے، حکومت عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے، اسی لیے وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں سب سے پہلے غریب طبقے کو ریلیف دینے کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ امریکا اور ایران کی جنگ کے باعث ہوا، حکومت نے معیشت کی استطاعت کے مطابق عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کی ہے، ملکی معیشت اس سے زیادہ ریلیف کا بوجھ نہیں اٹھاسکتی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہاڑی دار طبقے کو 100 روپے کے ریلیف سے کچھ سہولت ملے گی، وزیراعظم شہباز شریف کو عوام کی مشکلات کا مکمل ادراک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پٹرول پر 80 روپے لیوی اور 5 روپے کاربن ٹیکس ہے، تاہم عوام کو پٹرول پر لیوی ٹیکس سے زیادہ 100 روپے کا ریلیف دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ رکوانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے، سیاسی اور عسکری قیادت خطے میں امن کے لیے کوششیں کررہی ہے، آج پاکستان کو دنیا میں امن کے ضامن کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جنگ کے شعلے تھمنے سے دنیا کے غریب لوگوں پر بھی بوجھ کم ہوگا۔

بقیہ 17

نے کہا کہ امریکا نے تیل کی قیمتیں قابو میں رکھنے کیلئے مختلف طریقے استعمال کئے جو بے اثر ہوچکے، امریکا نے تیل کی منڈی میں مداخلت کی، جھوٹی خبریں پھیلائیں۔ باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ امریکا نے قیمتیں کم رکھنے کیلئے ملکی ذخائر سے بھی تیل جاری کیا، امریکی اقدامات کے باوجود تیل کی قیمتوں میں اضافہ جاری ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کا مزید کہنا ہے کہ عالمی تیل مارکیٹ نئے مرحلے میں داخل ہوچکی ہے۔

بقیہ 18

جدید بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے نظام میں 9 نئی ایمبولینسز شامل کردی گئی ہیں۔ صوبائی حکومت نے بلوچستان میں ایمرجنسی ایمبولینس سروسز کو جدید بنانے کیلئے اہم اقدامات کرتے ہوئے کوئٹہ میں میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کی استعداد کار بڑھانے کیلئے جدید سہولیات سے لیس 9 نئی ایمبولینسز شامل کردی ہیں۔ جدید سہولیات سے لیس ایمبولینسز حادثات، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کو فوری اور بروقت طبی امداد فراہم کرنے کیلئے استعمال کی جائیں گی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ایمرجنسی ریسپانس سافٹ ویئر کے ذریعے بلوچستان بھر کی ایمبولینسز کی موثر ڈیجیٹل ٹریکنگ ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حادثات کی صورت میں متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے اور انہیں صحت کی سہولیات تک منتقل کرنے کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی تمام ایمبولینسز کو جلد میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کے کنٹرول اینڈ کمانڈ سسٹم سے منسلک کردیا جائے گا۔ جدید ایمبولینس سسٹم کے ذریعے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بھی ہنگامی طبی امداد کی بروقت فراہمی ممکن ہوگی۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام سے ایمبولینس سروسز کی مانیٹرنگ اور شفافیت میں بہتری کے ساتھ رسپانس ٹائم بھی مزید بہتر ہوگا۔ میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 میں نئی ایمبولینسز کی شمولیت کو صوبے کے شعبہ صحت میں اہم پیشرفت قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 19

کردار ادا کررہی ہے، حکومت وکلاء برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اقدامات کررہی ہے۔ وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے مختلف وکلاء رہنماؤں کی ملاقات ہوئی۔ اسلام آباد: ملاقات کرنے والوں میں پنجاب بار کونسل کے اراکین سید غضنفر عباس بخاری اور ملک صبح صادق اعوان ایڈووکیٹ شامل تھے۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف سے لیہ، میانوالی اور چلیاں سے دیگر وکلاء بھی ملے۔ ملاقات میں وکلاء برادری سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون نے وکلاء رہنماؤں کے موقف کو توجہ سے سنا اور وکلاء برادری کو درپیش مسائل اور معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں قانون اور انصاف کے شعبے سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ وکلاء برادری کے مسائل کے حل کے لیے مختلف امور پر مشاورت ہوئی۔ وفاقی وزیر قانون نے وکلاء برادری کے کردار اور خدمات کو سراہا۔ وزیر قانون نے کہا کہ وکلاء برادری قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کررہی ہے، حکومت وکلاء برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 20

موجود تمام عملے اور صارفین کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنالیا، جس کے بعد ملزمان مبینہ طور پر نقدی لوٹنے کے بعد با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوعہ سے فنگر پرنٹس اور دیگر اہم شواہد اکٹھے کرکے ملزمان کی تلاش کا عمل باقاعدہ طور پر شروع کردیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بینک ڈکیتی کی اس واردات میں مجموعی طور پر کتنی رقم لوٹی گئی ہے، اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں اور تاحال حتمی تفصیلات سامنے نہیں آسکیں ہیں۔

بقیہ 21

غالب ہے کہ تحریک انصاف یہ مارچ جیل میں قید ایک فرد واحد کے لیے کررہی ہے۔ ملک بھر میں ہزاروں قیدی موجود ہیں جن کے لیے کوئی مارچ نہیں کیا جاتا۔ جے یو آئی ف ذرائع نے کہا کہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے مقاصد ذاتی اور سیاسی ہیں، عوامی نہیں۔ ذرائع کے مطابق جے یو آئی ف کا یہ بھی شکوہ ہے کہ تحریک انصاف نے اب تک ان سے کوئی تحریری معاہدہ بھی نہیں کیا۔ ان حالات میں لانگ مارچ میں ساتھ دینا درست نہیں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے ساری صورتحال مجلس شوریٰ کے سامنے رکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ جے یو آئی ف جماعت اسلامی کے لانگ مارچ اور کسانوں کے لانگ مارچ میں شمولیت کے بارے میں بھی فیصلہ کرے گی۔

بقیہ 22

ملک میں پائیدار ترقی، بہتر انتظامی امور اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ شدت اختیار کرگیا ہے۔ کسانوں، تاجروں اور سول سوسائٹی کے مختلف طبقات نے موجودہ انتظامی ڈھانچے کو ناکافی قرار دیتے ہوئے نئے صوبوں کو ملکی ترقی اور بقا کے لیے ناگزیر قرار دیا ہے۔ صدر پاکستان کسان اتحاد نے رحیم یار خان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پنجاب میں کم ازکم 6 سے 10 نئے صوبے بنانے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے جنوبی پنجاب کے بجٹ میں حصے کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ آبادی کے تناسب سے 35 فیصد حق کے برعکس صرف 12 فیصد فنڈز دیے جا رہے ہیں۔ حسن ابدال کے شہریوں اور ملک کے مختلف حصوں کے مقررین نے بہتر گورننس اور عوام کو بااختیار بنانے کے لیے نئے صوبوں کے ساتھ ساتھ بااختیار بلدیاتی نظام کے قیام پر بھی زور دیا ہے۔

بقیہ 23

عالمی گیس وتوانائی نمائش "گیسٹیک 2026" میں شرکت کرکے پاکستانی نجی شعبے کی عالمی توانائی مارکیٹ میں موجودگی نمایاں کردی۔ یو جی ڈی سی کے چیف ایگزیکٹو غیاث پراچہ نے بنکاک میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی پالیسیوں کے باعث پاکستان کا گیس شعبہ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے کھل رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کمپنی کا بنیادی وژن ملکی توانائی کی مارکیٹ میں تبدیلی لانا اور غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کو پاکستان کی جانب راغب کرنا ہے۔ غیاث پراچہ کے مطابق گیسٹیک میں شرکت کا مقصد عالمی اداروں کے ساتھ کاروباری شراکت داری اور مشترکہ منصوبے قائم کرنا ہے تاکہ گیس کی فراہمی کے اخراجات کم کیے جاسکیں اور صارفین کو نسبتاً سستی گیس فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کی مزید کمپنیوں کو گیس کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے بتایا کہ نجی شعبے کے ذریعے گیس کی تقسیم کا موثر نیٹ ورک قائم ہونے سے گیس کے نقصانات میں کمی لائی جاسکتی ہے، جس کے نتیجے میں پائیدار فراہمی اور ذخیرہ کرنے کے بہتر انتظامات کے ذریعے صارفین کو کم قیمت پر گیس مہیا کرنے میں مدد ملے گی۔ چیف ایگزیکٹو جی ڈی سی نے کہا کہ کمپنی پہلے ہی تین غیر فعال گیس فیلڈز کو دوبارہ فعال کرکے خام گیس کو پائپ لائن کے معیار کی گیس میں تبدیل کرچکی ہے، جبکہ امریکی کمپنیوں سمیت بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ گیس صاف کرنے کے بنیادی ڈھانچے کو مزید وسعت دینے پر بھی کام جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں موجود ایسے گیس ذخائر جنہیں ابھی تک استعمال میں نہیں لایا جاسکا، انہیں قومی نظام میں شامل کرنے کے منصوبوں پر بھی پیش رفت ہورہی ہے۔ غیاث پراچہ نے کہا کہ موسمی قلت اور گیس کے دباؤ میں کمی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے یو جی ڈی سی مختصر اور طویل مدتی مائع قدرتی گیس کے معاہدے کرتی رہی ہے، جبکہ کمپنی تجارتی بنیادوں پر زیر زمین گیس ذخیرہ کرنے کے نظام کی بھی حامی ہے۔ ان کے مطابق گیس کے نقصانات قیمتوں میں اضافے کی اہم وجوہات میں شامل ہیں۔ نقصانات کم کرنے کے لیے صنعتی یونٹس اور رہائشی منصوبوں تک نجی پائپ لائن نیٹ ورک قائم کرنے کی تجویز زیر غور ہے، جس سے گیس کی ترسیل زیادہ موثر اور نقصانات کم کیے جاسکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یو جی ڈی سی نے ایکسون موبل، قطر انرجی، کوکو فلپس اور ٹریفگورا سمیت عالمی اداروں کے ساتھ مختلف معاہدے کیے ہیں۔ ان معاہدوں کے بعد کمپنی بین الاقوامی اداروں اور پاکستان کے نئے آزاد کردہ گیس شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دے رہی ہے۔ غیاث پراچہ کا کہنا تھا کہ یو جی ڈی سی نجی شعبے اور نجی سرمایہ کاری پر قائم کمپنی ہے اور حکومتی سبسڈی کے بغیر کام کررہی ہے۔ ان کے مطابق گیس مارکیٹ میں مسابقت بڑھنے اور شعبے کے آزاد ہونے سے صارفین کو نسبتاً سستی توانائی ملے گی، صنعتی مسابقت میں اضافہ ہوگا اور حکومت کے ٹیکس محصولات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گیس کا 35 فیصد حصہ نجی فریقوں کو دینے کی پالیسی نجی سرمایہ کاری اور شعبے میں مسابقت بڑھانے کی سمت اہم پیش رفت ہے۔ اس پالیسی کے تحت نجی شعبہ غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے ذریعے گیس کی تقسیم کا نیا نیٹ ورک قائم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ گیسٹیک انتظامیہ کے مطابق 2026 کی نمائش اور کانفرنس 14 سے 17 ستمبر تک بنکاک کے بائی ٹیک مرکز میں جاری ہے، جس میں تقریباً 7 ہزار مندوبین، 50 ہزار شرکاء اور ایک ہزار کے قریب نمائشی کمپنیاں شریک ہیں، جبکہ 49 ممالک کی نمائندگی بھی موجود ہے۔ یو جی ڈی سی کے مطابق پاکستان 54 سال کے وقفے کے بعد اپنی ایک نجی کمپنی کی شرکت کے ذریعے اس عالمی توانائی فورم میں نمایاں ہوا ہے اور پہلی مرتبہ کسی پاکستانی نجی گیس کمپنی نے گیسٹیک میں باقاعدہ اسٹال قائم کیا ہے۔

بقیہ 24

فورم پر بھارت کے مکروہ چہرے، دوہرے معیار اور بین الاقوامی قوانین سے انحراف کو مکمل طور پر بے نقاب کرتے ہوئے ایک طاقتور اور دوٹوک موقف اپنایا ہے۔ پاکستان نے واضح کیا ہے کہ عالمی قانون کوئی "پسند کا مینو" نہیں ہے کہ بھارت اپنے حق میں آنے والے فیصلوں کو تسلیم کرے اور خلاف ورزیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے من مانی کرے۔ پاکستان نے عالمی برادری کو یاد دلایا کہ بھارت گزشتہ سات دہائیوں سے مقبوضہ جموں وکشمیر میں سلامتی کونسل کی قراردادوں کی مسلسل دھجیاں اڑا رہا ہے۔ کشمیری عوام کو ان کا بنیادی اور ناقابل تنسیخ حق خودارادیت دینے سے مسلسل انکار اس بات کا ثبوت ہے کہ نئی دہلی بین الاقوامی معاہدوں اور انسانی حقوق کا کتنا احترام کرتا ہے۔ پاکستان نے اس امر پر زور دیا کہ بھارت کا پاکستان پر سرحد پار دہشتگردی کا بے بنیاد الزام محض ایک دکھاوا اور سیاسی ڈرامہ ہے۔ حقیقت اس کے برعکس ہے کیونکہ بھارتی ریاست خود سرحدوں سے باہر دہشتگردی کی برآمد کرنے اور اس کی سرپرستی کرنے میں ملوث ہے۔ اس کی واضح مثال بھارتی جاسوس اور دہشتگرد کلبھوشن یادیو کی پاکستانی سرزمین پر گرفتاری ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارتی ایجنٹ کس طرح غیر ملکی سرزمین پر تخریب کاری کی کارروائیوں کی قیادت کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق، سندھ طاس معاہدے پر بھارتی ہٹ دھرمی اور من مانے موقف کی عالمی سطح پر قلعی کھل گئی ہے۔ 11 اگست 2025 کو مستقل ثالثی عدالت نے اپنے تاریخی فیصلے میں بھارت کا سندھ طاس معاہدہ معطل یا ختم کرنے کا یکطرفہ موقف حقارت آمیز طور پر مسترد کردیا۔ عدالت نے دوٹوک الفاظ میں قرار دیا کہ سندھ طاس معاہدہ اپنی پوری روح اور الفاظ کے ساتھ بدستور نافذ العمل ہے اور بھارت اس کی ذمہ داریوں سے انحراف نہیں کرسکتا۔ حیران کن طور پر، بھارت نے عدالت کے فیصلے کے اگلے ہی روز اس منصفانہ فیصلے کو مسترد کردیا، جو اس کے قانون شکن رویے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پاکستان نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ بھارت کو ان اقدامات کے لیے مجبور کرے کہ بھارت سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو ان کا حق دے اور مقبوضہ وادی میں مظالم بند کرے۔ بھارت اپنی ریاستی دہشتگردی اور سرحدوں سے باہر تخریبی سرگرمیوں کی سرپرستی فوری طور پر ختم کرے۔ بھارت عالمی ثالثی عدالت کے فیصلوں کا احترام کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدے کی مکمل پاسداری کو یقینی بنائے۔

بقیہ 25

جاری ایک بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ امریکی صدر کے مختلف بیانات سے گمراہ نہ ہوں، وہ کبھی کہتے ہیں کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، پھر کہتے ہیں مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نقصان پر قابو پانے کی کوششیں آنے والے حالات کو نہیں روک سکیں گی، ایران کی شرائط پوری ہونے تک کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے۔

بقیہ 26

گوداموں سے گندم چوری کے معاملے پر رپورٹ طلب کرلی۔ منگل کو قائمقام چیئرمین معین عامر

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Barkhan invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	WSS ABDUL MALIK LEGHARI BEWATA DISTRICT BARKHAN (UNDER BSDI FUNDS) TSE-2627091193323	4,417,964

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBILITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering renewed upto date in relevant Category Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C 6 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 100/- for tender must be deposited in the government treasury under the head of account CO-2725 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Deadline of Submission:** The bidding Documents duly filled and attached with supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on **30/09/2026** at 9:00 AM. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at 110:00 AM.
Address: Office of the Executive Engineer Public Health Engineering Division Barkhan Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Telephone No.0829-668242 Fax No.0829-668242
Email: sardarsdc@gmail.com

Executive Engineer,
Public Health Engineering,
Division Barkhan

DPRQ/PRQ No.1382/15-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan